# نقوش و عملیات

| | |
|---|---|
| لوح دست غیب | مالی آسودگی، ادائیگی قرض، کاروبار میں برکت، نوکری میں ترقی..... تانبے پر ۷۰۰ روپے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| لوح آیت الکرسی | بچے اور زچہ کی حفاظت، برائے تحفظ سحر جادو، گھر و افراد خانہ کی حفاظت۔ تانبے پر ۲۱۰۰ روپے |
| زچگی، امراض خواتین | بچوں کی پیدائش کے مسائل و امراض یا اس سلسلے میں سحری و روحانی، خصوصی نسوانی امراض کے حل کے لیے مجرب..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| لوح خوش قسمتی | خاص کوبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف یا اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ ہدیہ چاندی پر ۷۰۰ روپے |
| طلسم تسخیر و حاجت | یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کیا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، مقدمہ یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ ہدیہ چاندی پر ۳۶۰۰ روپے سونے پر ۱۶۰۰۰ روپے |
| لوح اسم اعظم | ہر فرد کے مقصد اور نام کی مناسبت سے خاص اسم الٰہی استخراج کیا جاتا ہے۔ اپنے ذہنی، روحانی، مالی، مادی، ہر قسم کے مسائل کے حل کے لیے لوح اسم اعظم تیار کروائیں۔ اپنا نام، والدہ کا نام اور مقصد تحریر کر کے ارسال کریں..... چاندی پر ۳۶۰۰ روپے سونے پر ۱۶۰۰۰ روپے۔ |
| طلسم صحت | لوح تیار کرتے ہوئے خاص کوکبی اوقات اور ستاروں کی خاص پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے اور ان کی مزید طاقت اور شفا بخشی عطا کرنے کے لیے روحانی عمل کیا جائے تو وہ فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی و مقناطیسی طاقت کی حامل ہوتی ہے..... چاندی پر ۲۱۰۰ روپے، خصوصی لوح چاندی پر ۳۶۰۰ روپے سونے پر ۲۱۰۰۰ روپے |
| لوح تحفظ (لاکٹ) | دشمن سے حفاظت، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| لوح مریخ | مقابلے میں کامیابی، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی بہتری..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے |
| لوح شمس | عزت، وقار، شہرت، کامیابی، عروج، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، کامیابی، نوکری میں ترقی، اولاد نرینہ..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے، چاندی پر ۱۱۰۰ روپے، سونے پر ۸۰۰۰ روپے۔ |
| لوح زہرہ | عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے۔ ..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے، چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |

| | |
|---|---|
| لوح عطارد | برائے علم و عقل اور حافظے میں اضافہ، رزق، کاروبار اور تجارت میں ترقی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے بچاؤ، امتحان میں کامیابی..... چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| لوح مشتری | دولت، استحکام، خوش حالی، تجارت میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت..... کاغذ پر ۷۰۰ روپے، چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| طلسم مشتری (سکہ) | شرف مشتری کے وقت یہ سکہ بنایا گیا۔ اس کو آپ تجوری یا روپے رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں..... چاندی پر ۵۰۰ روپے |
| طلسم صحت مشتری | مختلف امراض کا خاتمہ، حصول صحت وغیرہ..... چاندی پر ۲۱۰۰ روپے |
| لوح زحل | برائے ہمیشگی، عظمت، بزرگی، عمارتوں، گھروں، عہدوں اور مرتبے کے استحکام (مثل بادشاہ، وزیر و افسران اعلیٰ، سیاست دان، ڈاکٹر، انجینئر) |
| لوح راس | دولت، امارت، شہرت، کامیابی، میڈیا وار میں کامیابی، عاملین، نجومی، جفار اور پیروں کے لیے خاص طور پر مفید..... چاندی ۱۱۰۰ روپے |
| لوح قمر | شرف قمر اور اوج قمر کے وقت ہر ماہ یہ لوح تیار کی جاتی ہے۔ کسی بھی مقصد کے لیے تیار کی جا سکتی ہے۔ چاندی پر ۱۱۰۰ روپے، خصوصی ۳۶۰۰ روپے |
| خاتم سلیمانی | ۱۴۴ امور جن کا ذکر ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں کیا گیا ہے..... تانبہ پر ۷۰۰ روپے، چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| لوح استخارہ | کسی بھی کام کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید لوح..... چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| انگوٹھی طلسم | ہر کوکب کی ایک خاص طلسمی شکل ہے۔ اس ہی شکل کے تحت ہر کوکب کی انگوٹھی الگ الگ بنائی گئی ہے..... چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| انگوٹھی عدد ۹ | عدد 9 کی انگوٹھی اپنی متفرق فوائد کی وجہ سے بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے..... چاندی پر ۱۱۰۰ روپے |
| انگوٹھی | مختلف مقاصد کے لیے..... کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردِ سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے ہدیہ: ۴۵۰ روپے (ڈاک خرچ ۲۵ روپے) |
| انگوٹھی مریخ | صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی، جنسی قوت اور ردِ سحر کے لیے..... تانبے پر ۴۵۰ روپے |

# ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

ایڈیٹر
## خالد اسحٰق راٹھور

**پبلشر و چیف ایڈیٹر**

شائستہ خالد راٹھور

**رابطہ**

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور، پاکستان۔

**فون**

(042) 6374864
0300 8442060

**اوقات کار**

صبح 11 تا شام 5 بجے تک / تعطیل بروز اتوار

**قیمت**

فی شمارہ　۲۵ روپے
زر سالانہ (بمعہ جنتری)　۳۰۰ روپے
زر سالانہ رجسٹرڈ ڈاک (بمعہ جنتری)　۵۰۰ روپے
بیرون ملک ۳۵ ڈالر (سالانہ)

**بنک ڈرافٹ (Bank Draft)**

M/s Rahnuma-i-amaliyat, A/c
1392-35, Habib Bank Limited, Allama
Iqbal Road, Lahore, Pakistan

**انٹرنیٹ (Internet)**

www.kirathor.com
kirathor@yahoo.com

ناشر　شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر　الامین ٹریڈرز لاہور
جلد　۶　شمارہ　۱۰

## فہرست مضامین



ایک سوال کا جواب مفت حاصل کریں
(سوال کے ہمراہ ماہ رواں کا ٹوکن لازم ارسال کریں)

# راہ ہدایت

## القرآن

جواللہ تعالی اوراس کے رسول سے لڑیں اورزمین میں فساد کرتے پھریں ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کردیئے جائیں یا سولی چڑھا دیئے جائیں یا مخالف جانب سے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں یا انھیں جلاوطن کردیا جائے۔ یہ تو ہوئی ان کی دنیوی ذلت اورخواری اور آخرت میں ان کے لیے بڑا بھاری عذاب ہے۔ ہاں جولوگ اس سے پہلے توبہ کرلیں کہ تم ان پر قابو پالو تو یقین مانو کہ اللہ تعالی بہت بڑی بخشش اوررحم وکرم والا ہے(سورۃ المائدہ)۔

## السنتہ

حضرت ابو مسعود انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ میں فلاں شخص کی لمبی قرات کرنے کی وجہ سے صبح کی نماز سے رہ جاتا ہوں۔(حضرت مسعودؓ) کہتے ہیں کہ میں اس دن سے پہلے نصیحت کے موقع پر کبھی نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس سے زیادہ غضب میں نہیں دیکھتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے لوگو! تم میں سے بعض اشخاص لوگوں کو دین سے متنفر کرتے ہیں تم میں سے جو شخص بھی نماز پڑھائے تو تخفیف کرے کہ اس کے پیچھے بوڑھے، کمزور اور ضرورت منداشخاص بھی ہوتے ہیں (کتاب الصلوۃ، مسلم)۔

## ہماری تاریخ

قبول اسلام کا واقعہ بیان کرتے ہوئے حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ جب ان کو اطلاع ملی کی آنحضرت حضرت ارقمؓ کے مکان پر ہیں تو میں سیدھا وہاں پہنچا اور دروازہ پر ہاتھ مارا تو لوگ جمع ہوگئے۔ حضرت حمزہؓ نے لوگوں سے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ لوگوں نے کہا کہ عمرؓ ہیں۔ اُنھوں نے فرمایا کہ اگر عمرؓ ہیں تو دروازہ کھول دو اگر وہ نیک نیتی کے ساتھ آئے ہیں تو ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں، اگر ان کا ارادہ بد ہے تو ہم انہیں قتل کیے بغیر نہیں چھوڑیں گے۔ یہ باتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سماعت فرمائیں اور آپ ﷺ باہر تشریف لے آئے، آپؐ کے باہر تشریف لاتے ہی میں نے کلمہ شہادت پڑھ لیا۔ اس گھر میں اس وقت جتنے مسلمان تھے انھوں نے (میرے اسلام قبول کرنے کی خوشی میں) اس زور سے تکبیر بلند کی کہ اس کو تمام اہل مکہ نے سنا! میں نے رسول اللہؐ سے دریافت کیا! یارسول اللہ کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کیوں نہیں ہم یقیناً حق پر ہیں۔ اس پر میں نے عرض کیا کہ پھر یہ اخفا اور پردہ کیوں ہے؟ چنانچہ اس گھر سے ہم تمام مسلمان دوصفیں بنا کر نکلے ایک صفت میں حضرت حمزہ تھے اور ایک صف میں، میں تھا۔ اور اسی طرح صفوں کی شکل میں ہم مسجد حرام میں داخل ہو۔ قریش نے جب مجھے اور حمزہؓ کو دوسرے مسلمانوں کے ساتھ دیکھا تو ان کو حددرجہ ملال ہوا۔ اس روز سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فاروق کا خطاب مرحمت فرمایا کیونکہ اسلام ظاہر ہوگیا اور حق وباطل کے درمیان فرق پیدا ہوگیا۔

# نکتہ فکر

## بڑا گناہ گار

ایک سوال بیٹھے بیٹھے ذہن میں پیدا ہوا کہ انسانوں کے اس جنگل میں سب سے بڑا گناہ گار کون ہے؟

آپ بھی اس کا جواب سوچیں۔ بالیقین آپ کو اپنے دوستوں اپنے ملنے والے یا رشتہ داروں یا اپنی آبادی یا شہر یا کسی فرد کے بارے میں یہ گمان ہوگا کہ میرے جاننے والوں میں یا جن لوگوں سے میں کسی حد تک واقف ہوں ان میں فلاں فلاں شخص بڑا گناہ گار ہے۔

لیکن کیا واقعی ایسا ہے؟ کوئی فرد جیسا بھی ہے آپ یا میں اس کے کردہ تمام گناہوں سے واقف نہیں ہو سکتے۔ زیادہ امکان اس امر کا ہے کہ آپ نے سُنا ہو یا آپ نے پڑھا ہو یا کسی بھی ذریعے سے آپ کے علم میں یہ بات آئی کہ فلاں شخص نے یہ یہ گناہ کیے ہیں۔ تاہم یہ حقیقت ہے کہ ان سنی سنائی باتوں کا آپ کے پاس کوئی ثبوت نہ ہوگا۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کسی فرد کے ایسے گناہوں، غلطیوں یا خطاؤں سے واقف ہوں جو اس نے آپ کے سامنے یا آپ سے مل کر کی ہوں۔ لیکن آپ اس فرد کے تمام گناہوں کے گواہ نہیں ہو سکتے۔ ایسی صورت حال میں آپ صرف قیاس کر سکتے ہیں کہ آپ کی سوچ آپ کا علم، حالات وواقعات سے اخذ شدہ نتائج آپ کو یہ بتا رہے ہیں کہ فرد انتہائی گناہ گار ہے۔

اس ساری سوچ و بچار کی بجائے اور اللہ تعالی کی مخلوق کو الزام دینے کی بجائے اگر ہم ایک لمحے کے لیے اپنی ذات پر توجہ مذکور کریں تو احساس ہوگا کہ میں خود سب سے بڑا گناہ گار ہوں۔ وہ اس لیے کہ کسی آدمی کے گناہوں کی ایک چھوٹی سی فہرست سے آپ ضرور واقف ہونگے لیکن اپنی ذات کے حوالے سے گناہوں کی ایک طویل فہرست آپ کے سامنے ہوگی۔ جب سے آپ نے ہوش سنبھالا اس وقت سے لے کر اب تک حقوق العباد اور حقوق اللہ کے حوالے سے جو غلطیاں اور خطائیں میں اور آپ کرتے رہے کیا ان کی ایک لمبی فہرست جو آپ اپنے ضمیر کے حوالے کر چکے ہیں کسی دوسرے کی بجائے فرد کو خود سب سے بڑا گناہ گار ثابت نہیں کرتی؟ بقول حاجی امداد اللہ توکلی " کوئی شخص اللہ کا بندہ اور ولی نہیں بن سکتا جب تک دل ہی دل میں اس کو یہ یقین نہ ہو کہ میں دنیا میں سب سے زیادہ گناہ گار ہوں۔

☆☆☆☆☆

# الحکمت فی مخلوقات اللہ

محی الدین ابن عربی

## سورج کی پیدائش میں حکمت

قولہ عزوجل: و جعل الشمس سراجاً ۔ اور اللہ تعالیٰ نے سورج کو ایک چراغ بنایا۔ اللہ تعالیٰ نے سورج کو کن کاموں کے لئے پیدا کیا۔ اس کا مکمل علم تو وہی ذات برحق جانتی ہے۔ لیکن انسانی عقل وشعور کو مدنظر رکھتے ہوئے چند ایک درج ذیل ہیں۔

اس سورج کی بدولت ہی تمام کرہ ارض پر رات اور دن کا وجود الگ الگ سمجھ میں آتا ہے۔ اگر ایسا معاملہ نہ ہوتا تو دینی معاملات باطل ثابت ہوتے اور پھر اس کے نہ ہونے کی وجہ سے کس طرح لوگ ذریعہ معاش کی تلاش کرتے کیونکہ دنیا تو ایک تاریکی کا نام ہے اور پھر کس طرح سے لوگ اپنی زندگی میں روشنی کی لذت محسوس کر سکتے تھے اور اس سے کیسے فائدہ حاصل کر سکتے تھے اور اگر روشنی ہی نہ ہوتی تو پھر آنکھوں سے کیا فائدہ لیا جاتا اور مختلف رنگوں کی پہچان کیونکر ممکن ہوتی اور پھر اس کے طلوع وغروب میں بہت بڑی حکمت مخفی ہے۔ اگر یہ سورج ہی نہ ہوتا تو وہ مخلوق جو اپنے چین وسکون کے لئے پل بھر انتظار نہیں کرتی ان کو سکون کس طرح اور کیسے حاصل ہوتا اور پھر اس کی وجہ سے ہی تو قوۃ ہاضمہ ہوتی ہے اور پھر بدن کی کئی اور بیماریاں بھی تو اس کی وجہ سے زائل ہو جاتی ہیں۔ اگر سورج کے غروب کی وجہ سے لیل، رات کا قیام عمل میں نہ آئے تو ایسے بیشمار جانور جو رات کو سکون محسوس کرتے ہیں ان کی زندگی کیسی ہے اور پھر زمین پر جتنی بھی مضر بوٹیاں ہیں یا مضر حشرات ہیں اسی سورج کی تپش کی بدولت زمین ان کو جلا دیتی ہے اور پھر اس کا مخصوص اوقات میں طلوع وغروب ہر گھر والوں کیلئے ایک ایسے چراغ کی مانند ہے جیسے وہ اپنے سکون و آرام کے لئے بند کر دیتے ہیں اور اپنے کام کاج کے لئے اسے روشن بھی کر لیتے ہیں اور پھر اس کی گرمی کی مثال ایسے ہے جیسا کہ آگ جب کسی کو کوئی چیز پکانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تو وہ اپنی ضرورت پوری کرنے کے لئے آگ جلا لیتے ہیں اور ضرورت کے بعد اسے دوسروں کے سپرد کر دیتے ہیں اور پھر سورج تو ہر وقت اقوام عالم کے لئے فائدہ ہے۔ جب یہ طلوع ہو تو اس کی روشنی مفید اور جب یہ غروب ہو تو اسکی تاریکی بھی مفید۔ اسی بات کی طرف کلام پاک میں واضح اشارہ ہے۔ قل ارائیتم ان جعل اللہ علیکم اللیل سرمداً الیٰ یوم القیامۃ ۔ کیا تم اس بات کا اندازہ نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ نے قیامت کے دن تک لمبی راتوں کا سلسلہ بنایا۔ اور پھر اس کے تقدیم و تاخیر کی وجہ سے ہی تو موسم درست اور حیوانات و نباتات تندرست رہتے ہیں اور پھر اس کے خالق نے اسے مسخر کر دیا ہے اور ایک مخصوص ٹائم طلوع ہوتا ہے تو دن ہوتا ہے اور جب مخصوص ٹائم میں غروب ہوتا ہے تو رات کی تاریکی چھا جاتی ہے اور اگر یہ طلوع ہی نہ ہو تو تاریکی کی وجہ سے ساری مخلوق ہلاک ہو جائے اور اسکے سبب ہی تو ہم موسموں اور اوقات کا تعین کرتے ہیں۔ اگر یہ آسمان کے وسط میں چھپ جائے تو سردی ہو جاتی اور اگر یہ آسمان کے وسط صاف رہے تو گرمی کی شدت محسوس ہوتی رہتی ہے اگر یہ دونوں کے درمیان میں ٹھیک رہے تو زمانہ حیوانات و نباتات درست رہتے ہیں اور پھر چار موسموں کا تعین بھی تو اسی کے سبب ہوتا ہے اور پھر چار موسم بھی تو انسانی زندگی کے لئے مفید ہیں کیونکہ پھلوں کی نشو ونما سردیوں میں زیادہ ہوتی ہے اور اسی میں بادل اور بارش وغیرہ زیادہ ہوتی ہے اور پھر موسم بہار میں سبزہ وغیرہ اور پھلوں و پھولوں کا عروج ہوتا ہے اور گرمیوں میں جسموں میں اعتدال اور زمین خشک ہو جاتی ہے اور خزاں میں راتیں لمبی اور بیماریوں کا خاتمہ ہوتا ہے اور اسی وجہ سے زراعت کا دارومدار اسی موسم پر ہے۔ اور یاد رکھئے ہر موسم اپنے وقت کے مطابق بنتا ہے اور یہ سب کچھ اسی سورج کی بدولت ہوتا ہے اگر آپ ان سب چیزوں پر غور کریں تو اس رب کی جو حکیم و علیم و وسعت علم کا اندازہ لگائیں گے اور پھر یہ چیز بھی غور طلب ہے۔ ان بروج میں سورج کا منتقل ہونا اور سال میں چار موسموں کا تعین اور پھر ایک سال کے بعد دوسرا سال صحیح تاریخ اور صحیح وقت کا اندازہ یہ ساری چیزوں کا علم اسی رب العزت کا کام ہے جو ان ساری چیزوں کا خالق ہے اور ان سب پر قدرت کا مالک ہے اگر آپ سورج کے طلوع ہونے پر غور کریں کہ یہ ایک ہی جگہ سے طلوع ہوتا ہے اور اس کی شعاعیں اطراف عالم میں پھیل جاتی ہیں ہر پہاڑ اور ہر دیوار سے باوجود اس کی شعاعیں پردے کے اندر تک داخل ہو جاتی ہیں اور یہ نظام قدرت ہے کہ آہستہ آہستہ مشرق سے سفر کرتے ہوئے اور ہر چیز کو اپنی حرارت کی لپیٹ میں لیتے ہوئے مغرب میں غروب ہو جاتا ہے اور رات کی سیاہ اوڑھنی اسے اپنی آغوش میں چھپا لیتی ہے اور پھر دن کا اجالا آکر اس کی تاریکی کو پھاڑ دیتا ہے۔ یہی طلوع وغروب (لیل ونہار) رات و دن کا ردوبدل اگر اس نظام پر غور کریں کہ اسی ذات نے کس طرح اسے مسخر و مدبر کیا ہے تو آپ اس ذات کی وحدانیت کے اقرار بارے مجبور ہو جائیں گے اور یہ اسی ذات کا بنایا ہوا نظام ہے جو رات اور دن کی ترتیب کا علم رکھتی ہے۔ کیونکہ اگر تھوڑی سی رات لمبی ہو جائے تو حیوانات اور انسانیت کی زندگیاں خطرے میں پڑ جائیں اور اگر رات تاریکی میں ہی غرق ہو جائے تو اس پوری کائنات کا نظام درہم برہم ہو جائے لیکن وہی ذات وحدہ لہ شریک ہے۔ جو ہر کسی کو اس کے نظام کی مطابق چلاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

# عملیات نظرات کواکب

(جنوری)

از خالد اسحٰق راٹھور

## شمس مقابلہ زحل

یکم جنوری صبح 1 بجکر 57 منٹ

### مخالفت، دشمنی، عداوت

کسی جماعت یا گھر میں اختلاف پیدا کرنا مقصود ہو یا ان کو باہم دشمن بنانا اور ایک دوسرے کا مخالف بنانا ہو تو درج ذیل نقش کو کالی سیاہی سے تحریر کر کے متعلقہ فرد کے گھر کی دہلیز کے نیچے دفن کر دیں۔ اس نقش کو تحریر کرنے کے بعد "رال" سے دھونی دے دیں پھر دفن کریں۔ یہ عمل نظر متقابلہ میں مکمل کر لیں۔ نقش مع چال یوں ہے۔

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۵ | ۹۸ | ۱۰۳ |
| ۱۰۰ | ۱۰۲ | ۱۰۴ |
| ۱۰۱ | ۱۰۶ | ۹۹ |

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

## عطارد تسدیس زہرہ

15 جنوری دوپہر 2 بجکر 16 منٹ

31 جنوری دوپہر 3 بجکر 53 منٹ

### تحریر و تقریر و گفتگو میں فصاحت و بلاغت

وہ دوست جن کا لکھنے پڑھنے کا کام ہو یا جن کو تحریر و تقریر سے وابستہ امور میں مشکل پیش آتی ہے اظہار خیال یا اپنا مقصد دوسرے تک درست طور سے پہنچانا ممکن نہ ہوتا ہے۔ اور وہ اس میں پریشانی محسوس کرتے ہوں۔ یا وہ لوگ جو بطور استاد یا پروفیسر کام کرتے ہوں یا سیاست کے شائق جن کی زبان کو روانی کے ساتھ چلنا چاہیئے۔ کسی بھی ایسے مسئلے کا شکار ہوں۔ وہ اس موقعے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

درج ذیل نقش کو بمطابق شرائط تحریر کر کے سات دن تک پانی میں ڈال کر صبح شام پی لیں۔ اس طرح کے تین، پانچ یا سات نقش بیماری/مسئلے کی شدت کے مطابق استعمال کریں۔ انشاء اللہ افاقہ اور صحت خود محسوس کریں گے۔

نقش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۰ | ۱۴۵ | ۱۱۲ | ۱۴۴ | ۱۴۲ | ۱۱۵ |
| ۱۴۰ | ۱۱۷ | ۱۳۸ | ۱۳۷ | ۱۲۰ | ۱۱۶ |
| ۱۲۳ | ۱۳۳ | ۱۳۲ | ۱۳۱ | ۱۲۴ | ۱۲۸ |
| ۱۳۴ | ۱۲۷ | ۱۲۶ | ۱۲۵ | ۱۳۰ | ۱۲۹ |
| ۱۲۱ | ۱۳۶ | ۱۱۸ | ۱۱۹ | ۱۳۹ | ۱۳۵ |
| ۱۴۱ | ۱۱۱ | ۱۴۳ | ۱۱۳ | ۱۱۴ | ۱۴۶ |

چال نقش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۵ | ۳ | ۳۴ | ۳۲ | ۶ |
| ۳۰ | ۸ | ۲۸ | ۲۷ | ۱۱ | ۷ |
| ۱۳ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۸ |
| ۲۴ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۲۰ | ۱۹ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۹ | ۱۰ | ۲۹ | ۲۵ |
| ۳۱ | ۲ | ۳۳ | ۴ | ۵ | ۳۶ |

## شمس تثلیث مشتری

رات 11 بجکر 59 منٹ

### خوش قسمتی اور عزت اور مرتبے کے حصول کے لیے

وہ لوگ جو مندرجہ بالا مقصد ذہن میں لیئے ہوئے ہوں اور ان کی تکمیل کی صورت سامنے نہ آتی ہو تو ان کواکب کی تثلیث اس امر میں مددگار ہو سکتی ہے۔ ان کواکب کی طاقتور شعاعوں کی مدد حاصل کریں اور مندرجہ بالا مقاصد کے لیے درج ذیل نقش کو بمطابق شرائط اور چال کے چاندی یا سونے پر کندہ کروا لیں اور اس کو اپنے دفتر میں کسی اونچی جگہ فریم کروا کر لگوا لیں۔ نقش اور چال یوں ہے۔ نقش کے نیچے عزیمت بھی مکمل کر کے کندہ کروائیں۔

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۹ | ۲۱ | ۱۳ | ۵ | ۱۷ |
| ۳ | ۲۰ | ۷ | ۲۴ | ۱۱ |
| ۲۲ | ۱۴ | ۱ | ۱۸ | ۱۰ |

| ۱۶ | ۸ | ۲۵ | ۱۲ | ۴ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۲ | ۱۹ | ۶ | ۲۳ |

نقش

| ۸۰۷۶ | ۸۰۸۹ | ۸۰۸۰ | ۸۰۷۲ | ۸۰۸۴ |
|---|---|---|---|---|
| ۸۰۷۰ | ۸۰۸۷ | ۸۰۷۴ | ۸۰۹۲ | ۸۰۷۸ |
| ۸۰۹۰ | ۸۰۸۱ | ۸۰۶۸ | ۸۰۸۵ | ۸۰۷۷ |
| ۸۰۸۳ | ۸۰۷۵ | ۸۰۹۳ | ۸۰۷۹ | ۸۰۷۱ |
| ۸۰۸۲ | ۸۰۶۹ | ۸۰۸۶ | ۸۰۷۳ | ۸۰۹۱ |

اللھم انک قادر علی کل شی ءاقض حاجۃ فلاں بن فلاں

## زہرہ تثلیث زحل

21 جنوری دوپہر 3 بجکر 3 منٹ

## میاں بیوی کی ناچاقی دور کرنے کے لیے

بوقت نظر درج ذیل نقش کے مطابق چار نقلیں تیار کریں۔ تین نقش ان میاں بیوی کو پینے کے لیے دیں جن میں ناچاقی ہو اور ایک ان کو گھر میں رکھنے کے لیے دیں۔ پینے والا نقش (۷) سات دن پینا ہے۔ یعنی اکیس دن میں تمام تعداد پوری ہوگی۔

چال

| ۱۴ | ۱ | ۸ | ۱۱ |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۱۲ | ۱۳ | ۲ |
| ۹ | ۶ | ۳ | ۱۶ |
| ۴ | ۱۵ | ۱۰ | ۵ |

نقش

| ۳۴ | ۲۱ | ۲۸ | ۳۱ |
|---|---|---|---|
| ۲۷ | ۳۲ | ۳۳ | ۲۲ |
| ۲۹ | ۲۶ | ۲۳ | ۳۶ |
| ۲۴ | ۳۵ | ۳۰ | ۲۵ |

## عطارد مقابلہ زحل

22 جنوری صبح 9 بجکر 54 منٹ

## برائے ظلم وزیادتی کی سزا

کسی صاحب جائداد شر پسند کو اس کی زیادتی کی سزا دینا مطلوب ہو تو اس نقش کو بمطابق چال مندرجہ بالا وقت پر تحریر کریں۔ پھر اس نقش کو مطلوبہ فرد کے احاطہ میں دفن کر دیں۔ اس کی املاک وجائداد سے فوائد کا حصول وآمدن کا حصول بند ہو جائے گا۔

چال

| ۴ | ۹ | ۲ |
|---|---|---|
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

نقش

| ۵۱ | ۵۶ | ۴۹ |
|---|---|---|
| ۵۰ | ۵۲ | ۵۴ |
| ۵۵ | ۴۸ | ۵۳ |

از: خالد اسحاق راٹھور۔

پاکستان کی مختلف علاقائی زبانوں میں تصوف اور روحانیت پر کافی لٹریچر موجود ہے تاہم ایک علاقے کی زبان دوسرے علاقے کے لوگ نہیں سمجھ پاتے۔ اس لیے یہ انمول موتی منظر عام پر نہیں آپاتے ذیل کی سطور میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ مختلف مقامی اور علاقائی زبانوں میں موجود روحانی اور صوفیانہ کلام کو عوام کے سامنے لایا جائے۔ اس سلسلے میں ابتداء سلطان باہو کے کلام سے کی جارہی ہے۔ میری قارئین راہنمائے عملیات سے گزارش ہے کہ وہ ایسی کتب یا مواد جوان کی علاقائی زبان میں ہو اور وہ اسے ادارے کو ارسال کر سکیں تو ادارہ شکریہ کے ساتھ اس کو قبول کرے گا۔ اس طرح وہ ادارے کی اس کاوش میں حصہ دار ہونگے جو وہ مقامی اور علاقائی صوفیانہ کلام کو منظر عام پر لانے کے لیے کر رہا ہے۔

آپ نہ طالب ہین کہیں دے لوکاں طالب کردے ہُو

چاون کھیپاں کردے سیپاں قہر توں ناہیں ڈردے ہُو

عشق مجازی تلکن بازی پیر اولے دھردے ہُو

اوہ شرمندے ہُوسن باہُو اندر روز حشر دے ہُو

ذیل میں ہر مصرعے کا ترجمہ الگ الگ تحریر کیا گیا ہے۔

1- کئی پیر خود تو کسی مرشد کامل کے طالب نہیں ہوتے لیکن لوگوں کے مرشد کامل بن کر ان کو اپنے حلقہ عقیدت میں شامل کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

2- یہ پیر روحانی سلسلے کو روزی روٹی کا ذریعہ بنائے ہوئے ہیں اور ان کو اللہ کے قہر کا خوف نہیں۔

3- ایسے لوگ جو دنیا کے عاشق ہوتے ہیں وہ جان لیں کہ یہ سراسر خطرات سے بھرا راستہ ہے۔ اگر ایک بھی قدم بہک جائے تو شیطان بہکا کر راہ حق سے بھٹکا دے

گا۔

4- اے باھو یہ مکار اور دنیا دار لوگ قیامت کے دن اپنے کیے پر شرمندہ اور پچھتاوے کا شکار ہونگے۔

شرح: سلطان باہو اس شعر میں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ بہت سے پیر، فقیر اور درویش ایسے ہیں جو کسی بھی طور پر روحانیت سے منسلک نہیں ہیں۔ نہ ہی اُن کا کوئی راہنما ہے اور نہ ہی وہ کسی ایسے مرشد کی ضرورت محسوس کرتے ہیں جو ان کو حق کا راستہ دیکھائے۔ سلطان باھو کہتے ہیں کہ یہ جھوٹے پیر خود گمراہ ہیں اور اپنے مُریدوں کو الٹے سیدھے چلوں، مراقبوں اور مشقوں کی تعلیم دیتے رہتے ہیں۔ دنیا داری کے عشق میں مبتلا یہ پیر صرف اور صرف ہوس اور جہالت کا شکار ہیں۔ پیری فقیری کو انہوں نے ایک ٹھیکہ کی حیثیت دی ہے۔ جس کا مقصد ایک وقت معین پر اپنے مریدوں سے حصول دنیا کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ یہ جعلساز اس قدر سیاہ قلب کے حامل ہیں کہ ان کو آخرت اور اللہ کا خوف ہی نہیں رہا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ روز قیامت جب اُن کے اعمال کا حساب ہوگا تو سوائے شرمندگی اور ذلت کے ان کے ہاتھ اور کچھ بھی نہیں آئے گا۔

جاری ہے.....

☆☆☆☆☆

تحریر: نثار احمد مغل، کراچی۔

خالد اسحاق راٹھور صاحب کُھلے دل کے مالک ہیں اور ان کے اندر غرور بالکل نہیں ہے ہر انسان کو عملی دعوت دیتے ہیں اور اس کی بہت قدر کرتے ہیں جس کی کسی نہ کسی روحانی علم سے تعلق ہوں۔ ایسے انسان دنیا میں بہت کم ملتے ہیں اور جن کو ملتے ہیں وہ خوش نصیب ہوتے ہیں۔ میں خالد اسحاق راٹھور صاحب کی بہت قدر کرتا ہوں جن کی وجہ سے میں اپنے عمل راہنمائے عملیات کی بدولت ظاہر کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس لیے نئے پڑھنے والے حضرات کے لیے قانون عملیات شروع سے لکھتا ہوں لیکن مختصر کسی بھی عمل کو شروع کرنے کے لیے ہمیشہ قمری مہینے کی زاہد النور ابتدائی چودہ دن بہتر ہیں بلکہ اکثر و بیشتر نوچندی جمعرات مخصوص ہے۔ دوران عمل میں ہمیشہ تنہائی اور یکسوئی حاصل کرنا، پاکیزہ اور ایک ہی لباس ہونا، خوشبویات کی دُھونی دینا وقت کی پابندی ظاہری و باطنی طہارت صدق مقال و اکل حلال بالالفاظ دیگر متقی کامل ہونا انتقامت یعنی حضور قلب جگہ پاک و مقرر رہونا قبلہ روح بیٹھنا عمل ختم ہونے پر گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھنا اپنے مقصد کی دُعا کا یقین کلی اور مقصد اصل کا تصور رکھنا وغیرہ وغیرہ۔ امور اہم شرائط میں سے ہیں۔ بے وضو آیات قرانی کو چُھونا، لکھنا، دھونا اور ہاتھ میں لینا جائز نہیں۔ جب کسی تعویذ وغیرہ سے مقصد حل ہو جائے تو اس کو کسی محفوظ جگہ پر رکھیں یا قبرستان میں دفن کر دینا چاہیے۔ تسخیر اور کشائش کار کے لیے پہلے بسم اللہ پھر گیارہ بار درود شریف اور پھر بسم اللہ پڑھ کر عمل شروع کریں۔ عشرہ اول کشائش رزق کے لیے ہے۔ عشرہ دوم تسخیر و محبت وغیرہ کے لیے۔ عشرہ سوم زبان بندی دشمن و عداوت وغیرہ کے لیے مخصوص ہے۔ عامل کو ہمیشہ اکل حلال اور صدق مکال کی کوشش کرنی چاہیے پاک رزق حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہے۔ اور کبھی جھوٹ نہ بولے کسی کی بدگوئی اور غیبت نہ کرے اس سے تاثیر عمل جاتی رہتی ہے۔ زیادہ سونا بھی عامل کے لیے مضر ہے۔ شب بیداری کو شعار بنالے۔ فرائض کی پابندی اور سُنت نبوی ﷺ پر عمل کرے اور اعمال و نقش میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے اعمال ذاتی کی اصلاح ضروری ہے۔ جس شخص کے ذاتی اعمال اچھے نہ ہوں اُس کے عملیات میں اثر نہیں ہوسکتا۔ جسم اور پوشاک کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ درود شریف زیادہ پڑھتا رہے تا کہ رجعت سے محفوظ رہے اور غرور کو کبھی بھی پاس نہ آنے دے اب آپ کی خدمت میں وہ عمل حاضر ہیں جو آزمائش پر زود اثر رکھتے ہیں۔

## عمل نمبر ایک:

نماز فجر کے وقت سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار سورۃ الفاتحہ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں جو بھی اللہ پاک سے دعا کریں گے۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔ نیز ہر مشکل کام کے لیے اس عمل کو کم سے کم اکیس دن جاری رکھنا کامیابی کی ضمانت ہے۔

## عمل نمبر دو:

قوت حافظہ کے لیے جن بچوں کا حافظہ قوت کمزور ہو کچھ یاد نہیں رہتا ہو تو سورۃ الفاتحہ اکتالیس بار اکیس روز بعد نماز عصر پڑھ کر سینے پر دم کرلیا کریں۔ انشاء اللہ حافظہ بہت قوی ہوگا اور یادداشت محفوظ ہوگی۔

## عمل نمبر تین:

برائے زبان بندی۔ بستم زبان و هوش عقل گوش چشم فهم عقل دل و شش اعضائے بدن نام مخالف معه والده ازبر گفتن وبدخواهستن وشر و فساد فی حق نام طالب معه والده بحق صم بکم عمی فهم لا یرجعون۔

اس عبارت کو لکھ کر زمین میں دفن کر دیں اور اس کے اوپر کوئی وزنی چیز رکھ دیں۔ انشاء اللہ آپ کے مخالف کی زبان بالکل بند رہے گی۔

## عمل نمبر چار:

میاں بیوی کی محبت زیادہ کرنا اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس کے بعد دل ہی دل میں 450 بار اسم وددو پڑھ کر اپنی بیوی کو اپنی زبان چٹائے۔ انشاء اللہ بیوی شوہر کی محبت میں بے قرار دیوانی ہوگی۔ چار سو پچاس عدد محبت کے ہیں۔ مجرب ہے۔

## عمل نمبر پانچ:

اسم وددو کو گیارہ سو بار پھول پر پڑھ کر دم کریں اور اپنی معشوق کو وہ پھول دے دیں فوراً آپ کا معشوق آپ پر عاشق ہوگا یا پھر شربت یا دودھ پر پڑھ کر دم کریں اور وہ شربت یا دودھ اپنے معشوق کو پلائیں۔ معشوق آپ پر عاشق دیوانہ بے قرار ہوگا۔

## عمل نمبر چھ:

کسی کو اپنے اوپر مہربان کرنا اسم یا حفیظ کو ایک سانس میں اکتالیس بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں اس کے بعد آیت شریف رب انی مغلوب فانتصر کو تین سو ساٹھ بار پڑھ کر اس شخص پر دم کریں جس کو مہربان کرنا مقصود ہو۔ اگر وہ شخصیت آپ کے سامنے نہ ہو تو تصور میں دم کریں۔ انشاء اللہ بہت مہربان ہوگا۔

## عمل نمبر سات:

آیت شریف هُوَالذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستة ایام محبوب کے الٹے پاؤں کی مٹی لے کر اس پر آیت شریف تین سو ساٹھ بار پڑھ کر دم کریں پھر اس مٹی کو کپڑے میں باندھ کر طالب اپنے سیدھے پاؤں کی مٹی ملا کر زمین میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ محبوب محبت میں بے قرار ہوگا۔ مجرب ہے۔

## عمل نمبر آٹھ:

جس کسی کو دشمن نے جادو کر دیا ہو تو اس عمل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر بالکل ختم ہوگا۔ عمل یہ ہے **بسم الله الرحمن الرحيم الله هو لا اله الا هو الحى القيوم يا قوى الله شافى الله و كافى يا رحيم برحمتك يا ارحم الرحمين۔**

## عمل نمبر نو:

نافرمان اولاد کو شربت یا دودھ یا چینی پر ایک ہزار ایک سو بار پڑھ کر اسم وددو دم کریں اور نافرمان اولاد کو کم سے کم گیارہ دن نوش کرائیں۔ انشاء اللہ نافرمان اولاد فرمانبردار رہے گی اور ہر دم تابعدار رہے گی۔

## عمل نمبر دس:

جن میاں بیوی میں محبت نہیں ہوتی اُن بے چاروں کی زندگی اجیرن بن جاتی ہے اور ہمیشہ طلاق ہونے کا ڈر رہتا ہے اس صورت حال میں کبھی کبھار عورت کا قصور ہوتا ہے۔ ورنہ زیادہ تر مرد حضرات کا عورت پر ظلم ہوتا ہے۔ بہر حال قصور کسی کا بھی ہو ایسے بدنصیب جوڑوں کے لیے مندرجہ ذیل نقش دیا جا رہا ہے جو ہزاروں بار آزمایا ہے۔ کبھی کبھار تو یہ نقش صرف چار گھنٹوں میں اثر کرتا ہے اور حیران و پریشان کر دیتا ہے۔ نوچندی جمعہ کو صبح سات بج کر تیس منٹ پر دو عدد نقش زعفران وگلاب سے تحریر کریں۔ ایک نقش عورت کو دیں کہ وہ اپنے گلے میں ڈالے اور دوسرے نقش کو کسی میٹھی چیز شربت یا دودھ میں گھول کر پلا دیں۔ انشاء اللہ شوہر کا دل بیوی کے لیے بے قرار ہوگا اور اپنی بیوی کی محبت میں دیوانہ ہوگا۔ اب بیوی کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ اچھا سلوک رکھے یہ نقش ہر جائز محبت میں کارآمد ہے۔ کسی بھی رشتہ دار کی ناراضگی دور کرتا ہے۔ نقش کو ترتیب وار استعمال کریں۔ نقش حیرت انگیز اثر کرتا ہے۔

عبدالروف ہاشمی صاحب، گوردت سنگھ روڈ، کوئٹہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق ودود

| یاودود | یاودود | یاودود | یاودود |
| --- | --- | --- | --- |
| یاودود | یاودود | یاودود | یاودود |
| یاودود | یاودود | یاودود | یاودود |
| یاودود | یاودود | یاودود | یاودود |

بستم دل وجان نام مطلوب معہ

والدہ عالی حب نام طالب معہ والدہ

### عمل نمبر گیارہ:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ رب انی مغلوب فانتصر سو مرتبہ اسم ودود ہزار مرتبہ فجر کی سنت نماز پڑھ کر پڑھا جائے۔ اس کے بعد نماز فرض ادا کریں۔ سر سجدے میں رکھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ جس مقصد کے لیے دعا کریں گے دعا ضرور قبول ہوگی۔ مجرب ہے۔

### عمل نمبر بارہ:

جس کسی غریب کو کوئی مرض لاحق ہو باوجود کوشش کے تندرست نہ ہوتا ہو مندرجہ بالا عمل چینی کی سادی پلیٹوں پر زعفران وگلاب سے لکھیں۔ اور گیارہ دن صبح نہار منہ نوش کروائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد مریض صحت مند ہوگا اور حیرت انگیز اثر ہوگا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ کامیابی یقینی ہے ترتیب وار پلیٹیں اس طرح لکھیں۔

(۱) جمعہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سات مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۲) ہفتہ: اللہ اکبر۔ نو مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۳) اتوار: سورۃ الفاتحہ۔ ایک مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۴) پیر: یارحمٰن یارحیم۔ گیارہ مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۵) منگل: اللہ شافی اللہ کافی یارحیم۔ نو مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۶) بدھ: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ نو مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۷) جمرات: سلام قولا من رب الرحیم۔ سات مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۸) جمعہ: حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ سات مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۹) ہفتہ: اللہ لا الہ الا ھوالحی القیوم۔ نو مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۱۰) اتوار: سورۃ اخلاص۔ سات مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

(۱۱) پیر: سورۃ الناس۔ ایک مرتبہ ایک پلیٹ پر لکھنا ہے۔

یا تو اس عمل کو بارش کے پانی پر دم کریں جس ترتیب سے لکھا ہے اور وہ پانی مریض کو ہر روز صبح نہار منہ پلائیں۔ عورت کے بانجھ پن کے لیے پلائیں انشاء اللہ جلد شفا ہوگی۔

اگلی دفعہ آپ کی خدمت میں عمل استخارہ، عمل تسخیر موکل، عمل تسخیر ہمزاد، عمل دست غیب، عمل حب اور نقش جذب القلوب پیش کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

# الہامات جفر
# شرف زہرہ

تحریر: شعیب الرحمٰن شاہ' کاکاخیل۔

اس سال شرف زہرہ 5 فروری دوپہر 12:19 منٹ تا 6 فروری 8:32 تک رہے گی۔ زہرہ چلتے چلتے جب برج حوت کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے لوح رحمکار یہ علم الجفر کا ایک پرتاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے۔ اگر دیکھا جائے تو دائیں ہاتھ پر 18 لکھا ہوا ہوتا ہے اور بائیں ہاتھ پر 81 لکھا ہوا ہے۔ اور 18 اور 81 کو جمع کیا جائے تو اس سے 99 حاصل ہوتا ہے۔ اس سے یہ راز افشاں ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسم اعظم 99 ہیں۔ بلکہ یہ تصدیق کرتا ہے اور دونوں ہاتھوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ پاک کے بزرگ نام 99 ہیں۔ اگر دیکھا جائے کہ 18 اور 81 منفی کریں تو اس سے 63 حاصل ہوتا ہے جب کہ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی ظاہری زندگی 63 سال تھی جبکہ وہ 18 سال معراج میں رہے ہیں۔ اگر اسم اعظم 18 دیکھیں تو اس میں اسم اعظم حیّ بنتا ہے۔ اسم اعظم حیّ' کے ترجمہ پر غور کریں' ہمیشہ زندہ رہنے والا'' اگر اسم اعظم حیّ ملفوظی دیکھنے ہو تو 20 بنتا ہے جبکہ اسم اعظم ''یا ودود'' اور ''ھادی'' دونوں کے 20 عدد بنتے ہیں۔ اگر حروف نورانی کے اعداد عدد لیا جائے تو اس سے بھی 63 ظاہر ہوتا ہے اگر اسم اعظم حیّ' پر غور کریں تو اس میں بھی اللہ پاک کا کوئی راز مخفی ہے۔ اور یہ راز اللہ پاک ہی بہتر جانتا ہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے احسانات میں سے ہے۔ زمانہ قدیم میں 18 اور 81 کو جادو کا عدد کہتے تھے۔ اگر دیکھا جائے تو زمانہ قدیم سے حیرت انگیز برتری اور اثر کے لحاظ سے متعدد قوموں میں رائج تھی۔

یہ عمل میں خصوصی طور پر رہنمائے عملیات کی نذر کرتا ہوں۔ عمل کا طریقہ یہ ہے۔

حروف نورانی کا عدد

| ا | ل | ر | ک | ہ | ی | ع | ص | ط | س | ح | م | ق | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 2 | 2 | 5 | 1 | 7 | 9 | 9 | 6 | 8 | 4 | 1 | 5 |

کل اعداد = 63

شعیب الرحمٰن کل اعداد ش ع ی ب = 37

حروف نورانی = 63

| | |
|---|---|
| کل اعداد | 100 |
| منفی | 12 |
| باقی | 88 |
| تقسیم | 3 |
| باقی | 1 |

تو خانہ نمبر 7 میں 1 کا اضافہ۔ تقسیم سے حاصل 29

نقش یہ ہوا اب اس نقش کے ہر خانہ سے اسم اعظم پیدا کریں گے۔

چال

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ٧ | ٢ |
| ١ | ٥ | ٩ |
| ٨ | ٣ | ۴ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴ | ۲٦ | ۳۰ |
| ۲۹ | ۳۳ | ۳۱ |
| ۳۷ | ۳۱ | ۳۲ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | | |
|---|---|---|
| ودود وہاب | حبیب وہاب | واحد ہو |
| حی ہو | ہادی احد | ہادی حی |
| اول | ودود ہو | واجد حی |

میکائیل

شمکائیل عمولہ — شفقیائیل الحق — کہیعسق — دردائیل

کل اعداد نقش = 100

اعداد ابجدی کا نقشہ یہ ہے۔

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ھ | و | ز | ح | ط |
| ی | ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص |
| ق | ر | ش | ت | ث | ج | ذ | ض | ظ |
| غ | پ | | | | | | | |

یہ ابجدی عدد میں نے ظاہر کیا۔ اسکے مطابق یہ مثلث بادی چال سے پر کرنا ہے۔ یہ الہامات جفر کا ایک پرتاثیر اور بزرگ عمل ہے۔

اس سال شرف زہرہ 5 فروری دوپہر 12:19 منٹ سے 6

فروری صبح 8:32 منٹ تک رہیگا۔ اس سلسلہ میں لوح فتحنامہ پیش ہے۔ ایسے کام جو بن بن کر بگڑ جاتے ہیں کرنا کچھ ہوتا ہے ہوتا کچھ ہے مقدمہ کی وجہ سے پریشانی ہے۔ دشمن نے تنگ کر رکھا ہے۔ روپہ پیسہ پانی کی طرح صرف ہو رہا ہے۔ پردیس میں کسی دشمن کا ڈر لگا ہوا ہے۔ قرض ادا ہونے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ صحت دن بدن بگڑتی جا رہی ہے۔ کسی قسم کی دنیاوی پریشانی ہے تو نقش معظم فتحنامہ بنوا کر پاس رکھیں یہ لوح ہر قسم کے امتحان میں کامیابی کے لئے ترقی علم کے لئے تیار ہوتی ہے۔

ا۔ سورۃ واقعہ باموکل اعداد شمسی 617790

ا۔ مقصد فتوحات دعائے فتوحات باموکل اعداد شمس 46002

ا۔ طالب مووالدہ اعداد شمسی 6131 ہے۔

اب طالب کے اعداد کو 4 سے ضرب دیں تو 24524=4x6131

اب سورۃ واقعہ اور دعائے فتوحات کے اعداد جمع کریں 663792 ہوئے اب طالب کے اعداد 24524 کو کل اعداد 663792 سے تفریق کریں باقی کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 6131 طالب کے اعداد کا اضافہ کریں اب خانہ نمبر 1 639268 لکھیں گے ہر خانہ میں 6131 کا اضافہ کریں نقش مکمل ہو گیا ہے میزان چاروں طرف سے درست آئے گا۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۸۲۱۸۵ | ۷۰۰۵۷۸ | ۷۱۸۹۷۱ | ۶۳۹۲۶۸ |
| ۷۱۲۸۴۰ | ۶۴۵۳۹۹ | ۶۷۶۰۵۴ | ۷۰۶۷۰۹ |
| ۶۹۴۴۴۷ | ۷۳۱۲۳۳ | ۶۸۸۳۱۶ | ۶۶۹۹۲۳ |
| ۶۹۳۴۴۷ | ۶۶۳۷۹۳ | ۶۵۷۶۶۱ | ۷۲۵۱۰۲ |

شکائیل

شقنقیائیل

الحق

حمعسق

یا عزرائیل

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

☆☆☆☆☆

# الہامات جفر

## شمس عطارد مشتری تثلیث

از: سید شعیب الرحمٰن شاہ کاکاخیل۔

اس سال شمس مشتری تثلیث 9 جنوری 2004ء کو 11:59 منٹ پر رات کو قائم ہوگی۔ دوسری سعادت اکبر نذر عطارد مشتری تثلیث 29 جنوری 2004ء کو 11:8 منٹ پر رات کو قائم ہوگی۔ ان دو سعادت اکبر نظرات میں اکثر عاملین جفر ایسے لوح تیار کرتے ہیں۔ جو ترقی مرتبہ ترقی فتوحات کامیابی امتحانات' کی کامیابی کے لئے ہوتی ہے۔ آج کل ہمارے معاشرے میں ہر گھر میں سحر جادو سفلی جادو سے لوگ تنگ آچکے ہیں۔ اور رشتہ دار حسد میں آ کر لوگوں کو تنگ کرتے ہیں۔ آج کی محفل میں راہنمائے عملیات کے لیے سحر جادو سے تحفظ کے لئے الہامات جفر کا ایک عمل لیکر حاضر ہوں۔ امید ہے سب کو پسند آئے گا۔ یہ علم الجفر کا معجزہ ہے اسے ضرور آزمائیں۔ عمل مندرجہ ذیل ہے۔

سورہ ق اعداد قمری: 109736

مقصد سحر جادو سے تحفظ سورہ عبس اعداد قمری 51314

طالب شعیب الرحمٰن اعداد قمری: 712

کل اعداد: 161762۔ تفریق: 5100

باقی: 156662، تقسیم: 4۔ باقی: 2

تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ۔ حاصل تقسیم: 39165

کو خانہ نمبر 1 سے خانہ نمبر 16 تک ہر خانہ میں 170 کا اضافہ کریں اور ساتھ ہی اسم اعظم یا قدوس کا ورد کریں۔ اس طریقہ سے میزان چاروں طرف سے درست آئے گا۔ چال یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۶ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

از خالد اسحٰق راٹھور

# پتھر اور ان کے خواص

## حصول صحت

عنوان بالا پر مضامین کا سلسلہ قارئین پسند کر رہے ہیں اور حصول صحت کے لیے موزوں پتھر معلوم کرنا چاہتے ہیں- خطوط کی تعداد زیادہ ہونے کے باعث جواب میں تاخیر پر معذرت خواہ ہوں- درخواست ہے کہ ایک خط میں ایک مرض کے بارے میں پوچھیں-

## مرگی:

مرگی کا مرض ہمارے ملک میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے- مرگی کے شکار فرد کو کوئی جوتے سونگھا رہا ہوتا ہے اور کوئی کچھ مشورہ دے رہا ہوتا ہے- کہیں سنا ہوا ایک ایسا ہی مشورہ میرے ذہن میں تازہ ہو رہا ہے- وہ کچھ یوں ہے کہ زلزلے کے وقت دہلیز کے نیچے سے نکالی ہوئی مٹی اس مرض میں حد درجہ مفید ثابت ہوتی ہے- بہر حال سائنسی نکتہ نظر سے یہ مرض دماغی صدمے کے باعث ہوتا ہے- یہ مرض مستقل متاثر کرنے والا نہیں ہوتا بلکہ وقفے وقفے سے اس کا اٹیک ہوتا ہے- اس کے جسمانی اسباب میں دماغ کا چوٹ سے متاثر ہونا' شراب نوشی' انتہائی جذباتی صدمے اور عضلاتی تکلیف کے باعث متاثر ہونا ہے- وقتی تکلیف کے بعد فرد اس طرح صحت مند محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کہ اس کو تکلیف ہی نہ تھی- اس مرض کے شکار افراد کو نشہ آور اشیاء' سواری' خطرناک اور رسک والے کاموں سے دور رہنا چاہیے-

یہ مرض خاندانی یا موروثی نہیں ہے بلکہ ذاتی جسمانی صحت کے حوالے سے فرد پر اثر انداز ہوتا ہے-

دماغ اور سر بنیادی طور پر برج حمل (طالع) کے تحت آتے ہیں- مریخ اس کا حکمران کوکب ہے- سو دماغی رویے کے حوالے سے اہم اثرات کا اظہار کرتا ہے- عطارد دماغی اعصاب اور براؤن مادے (یادداشت اور حافظے) سے منسوب ہے- جب کہ قمر دماغی بناوٹ کو کنٹرول کرتا ہے- یوں بالترتیب مرجان' زمرد اور حجر القمر اس مرض کے صحت افزاء جواہر ہوئے- تاہم اس مرض کی عمومی کیفیت کے حوالے سے عطارد' قمر اور مریخ کو بدرجہ اہمیت حاصل ہے- حمل میں ان کوکب پر راس یا ذنب یا زحل کی نظرات مرض لانے کا باعث بن سکتی ہیں- اس مرض میں فرد کے ہوش وحواس کچھ وقت کے لیے معطل ہو جاتے ہیں- پہلے بھی کہیں تحریر کیا تھا کہ مرض' موسم اور جواہر کے سحری اثرات کو بالضرور سامنے رکھنا چاہیے- مندرجہ بالا مرض میں سرخ مرجان کا استعمال صرف سردی کے موسم میں ہوگا-

## یرقان:

یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں فرد کی رنگت پیلی ہو جاتی ہے- عموماً آنکھوں اور چہرے یا جلد کا پیلا نظر آنا ظاہری طور پر اس کے حملہ آور ہونے کا پتہ دیتا ہے- یرقان بنیادی طور پر جگر کی کسی قسم کی بد فعلی کے باعث وجود میں آتا ہے- جسم کے خون میں سرخ ذرات کی کمی ان کی ٹوٹ پھوٹ اور صفراوی مادے کی جسم میں زیادتی ہو جاتی ہے- بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ ملیریا' ٹائی فائیڈ' بخار اور یرقان زدہ فرد کے خون کو لگوانے والے بھی اس مرض کا شکار ہو جاتے ہیں-

فلکی حوالے سے مشتری اہم کردار ادا کرتا ہے- یہ جگر سے منسوب ہے سو جب بھی زحل مریخ یا راہو اس کو متاثر کریں اور یہ برج سرطان' سنبلہ' جدی یا حوت میں ہو تو اس مرض کی نشان دہی ہوتی ہے-

جواہرات کے حوالے سے نیلم اور گہرے رنگ کا مرجان مفید ثابت ہوں گے- دونوں پتھر الگ الگ اور اکٹھے بھی استعمال ہو سکتے ہیں- ایک بات اور زائچے میں سرطان اور قمر کی پوزیشن کو بھی ضرور مد نظر رکھیں اور ان کے حوالے سے بھی جواہرات کا استعمال کیا جا سکتا ہے-

## اگزیما:

بنیادی طور پر یہ ایک جلدی مرض ہے- اس میں عموماً جسم پر خارش ہونے لگتی ہے- خارش یا کھجلی بعض اوقات انتہائی شدت اختیار کر جاتی ہے- زہرہ یا مشتری کی برج جدی میں موجودگی اور نحس نظر اس مرض

کا باعث ہوتی ہے۔ یہ مرض کوئی موروثی قسم کا نہیں ہے بلکہ فی زمانہ پائی جانے والی فضائی آلودگی، کیمیائی مواد اور یوریا کھادوں کی نسل سے تعلق رکھنے والی خوراک کی بدولت ہوتا ہے۔ یاقوت کا استعمال موزوں رہے گا۔

## پیچش:

طبی نکتہ نظر سے اسہال اور پیچش میں فرق ہے۔ یہ مرض دراصل معدے کی خرابی کے باعث ہوتی ہے۔ اس میں پیٹ درد معدے میں درد، پاخانے، خون آلود پاخانے وغیرہ اس کی نمایاں علامات ہے۔ یوں تو یہ ایک قدیم و عموی مرض ہے تاہم اس کے پھیلاؤ یا سبب میں بنیادی اہمیت موسم کی تبدیلی، غلاظت اور بدخوراکی کو حاصل ہے۔ عموماً برسات کے موسم میں اس کی شدت ہوتی ہے۔

کوبھی حوالے سے زائچے کا چوتھا اور چھٹا گھر امراض معدہ سے متعلق ہے۔ مریخ ان گھروں اور بروج میں یہ بوقت داخلہ یہ مرض لاتا ہے۔ جواہرات کے حوالے سے زمرد یاقوت اور حجر القمر کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔ صاحب علم حضرات زائچے کے حوالے سے نیلم اور مندرجہ بالا پتھروں کے ملے جلے استعمال کا بھی مشورہ دے سکتے ہیں۔

ایک بات کا خیال رکھیں یہ ایک جان لیوا مرض ہے اور طبی علاج بھی اسی طور پر اہم اور بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ کوئی بھی مرض ہو پتھروں کے سحری اثرات کو ایک اضافی علاج کے طور پر ایک مددگار طریقہ کار کے طور پر لینا چاہیے کیونکہ طبی علاج کی اپنی ایک اہمیت ہے۔

## علم نجوم کی روشنی میں

# آپ کا یہ ماہ کیسا گزرے گا

از: شہباز انجم لاہور۔

## آپ کا برج کون سا ہے

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔ ☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

### عددی جدول

| حروف | عدد |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ہ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر= ا ک ب ر = ۱+۲+۲+۲ = ۷

### رجعت و کواکب

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ بھی دیں۔ عزیمت برائے رجعت و نحوست سیارگان یوں ہے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نَحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

## برج حمل

21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔ مریخ

حروف۔۔ ا، ل، ع، ی پتھر۔۔ مرجان دن۔۔ منگل

رنگ۔۔ سرخ دھات۔۔ لوہا، تانبہ عدد۔۔ 9

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-7-5 | 22-21-16-9-8-3 | 29-26-15-14-6 |

1 تا 8 جنوری.......... برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ 3 تاریخ کو مشتری کی رجعت حملی افراد کے لیے ملے جلے اثرات مرتب کرے گی۔ 2'3'4 تاریخیں اپ کے لیے اہم ہونگی۔ کوئی اہم مسئلہ جو کہ درپیش تھا اب حل ہونے کا وقت آگیا ہے۔ کسی اثر و رسوخ والے بندے سے آپ کو فائدہ مل سکتا ہے۔

9 تا 15 جنوری.......... اس ہفتے میں 9 اور 10 تاریخوں کو قمر برج اسد میں ہو گا اور مریخ کے ساتھ پانچویں گھر کی نظر بنائے گا ان دنوں میں آپ کا کوئی دوست آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ کسی جگہ سیر و تفریح پر جانے کا بھی موقع مل سکتا ہے۔ 15 تاریخ کو عطارد برج جدی میں ہوگا۔ اس برج میں اس کا ہونا آپ کے کاروباری حالات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ اگر آپ کسی نئے کاروبار کو شروع کرنا چاہتے ہیں تو یہ مناسب وقت ہے۔

16 تا 23 جنوری.......... اس ہفتے کے پہلے دن قمر بہتر پوزیشن میں نہ ہوگا۔ اس دن کسی دور دراز کے سفر سے پرہیز کریں نقصان کا باعث ثابت ہوسکتا ہے۔

زہرہ کا برج حوت میں ہونا اور مشتری سے مقابلہ کی نظر بنانا آپ کے لیے اخراجات کے معاملے میں نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔جنس مخالف کی طرف سے آپ کو پریشانی آسکتی ہے۔16 تاریخ والے دن صدقہ خیرات کریں۔

**24 تا 31 جنوری.........** 21' 29' 30 تاریخیں آپ کے مالی معاملات میں اچھی تبدیلی کا باعث ہوں گی۔کسی جگہ سے اچانک کوئی فائدہ میسر آسکتا ہے۔شمس اور زہرہ کی نظر میں آپ کے اخراجات کسی کاروباری نوعیت کے بھی ہوسکتے ہیں۔ازدواجی معاملات اس ہفتے میں کچھ منفی رُخ اختیار کرسکتے ہیں۔

تاثر دوسروں پر بہتر پڑے گا۔لوگوں میں آپ کی مقبولیت کا گراف بلند ہوگا۔ان دنوں میں آپ کی پروموشن ہوسکتی ہے۔اس لیے افسران کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

**24 تا 31 جنوری.........** اس ہفتے میں شمس برج دلو میں ہوگا۔کاروباری صورتحال کے حوالے سے آپ کے لیے شمس کی یہ ایک اچھی پوزیشن ہے۔اگر آپ اپنے کاروبار میں سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں یا کسی نئے کام کو شروع کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے لیے ایک بہتر وقت ہے۔

## برج ثور

**21 اپریل تا 20 مئی** سیارہ۔۔زہرہ
حروف۔۔ب، و پتھر۔۔الماس دن۔۔جمعہ
رنگ۔۔نیلا دھات۔۔پیتل، تانبہ عدد۔۔6

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-6-3 | 27-19-13-9-3 | 28-26-20-14-12-6 |

**1 تا 8 جنوری.........** برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حوت والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔اولاد کی جانب سے کوئی خوشی میسر آئے گی۔2 اور 3 تاریخیں آپ کے لیے کوئی خوشخبری لے کر آسکتی ہیں۔آنے والے دنوں میں دوستوں سے محتاط رہیں۔آپ کا کوئی دوست آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا اس لیے دوسروں پر غیر ضروری اعتماد نہ کریں۔

**9 تا 15 جنوری.........** اس ہفتے کے آخری دنوں میں عطارد اور زہرہ اپنے برج تبدیل کریں گے۔عطارد کا برج جدی میں ہونا آپ کو سفر سے متعلقہ اُمور میں کامیابی دلواسکتا ہے۔اگر آپ ایک سے دوسری جگہ سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں کوشش کریں۔آپ کو اچھے نتائج ملیں گے۔جبکہ 15 تاریخ کو قمر بھی برج عقرب میں ہوگا۔جس کی وجہ سے آپ کے ازدواجی اُمور میں کوئی پریشانی لاحق ہوسکتی ہے۔شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب ہوسکتے ہیں۔

**16 تا 23 جنوری.........** آپ سے عمر میں بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوسکتے ہیں۔زہرہ کا برج حوت میں ہونا آپ کو فائدہ دے گا۔آپ کو ملازمت سے متعلقہ اُمور میں کامیابی دلوانے کا باعث ہوگا۔آپ کی شخصیت کا

## برج جوزا

**21 مئی تا 20 جون** سیارہ۔۔عطارد
حروف۔۔ک، ق پتھر۔۔زمرد دن۔۔بدھ
رنگ۔۔زرد، سرمئی مائل دھات۔۔پیتل، تانبہ عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-8-4 | 30-25-16-11-10 | 27-23-15-12-7 |

**1 تا 8 جنوری.........** برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج دلو والے افراد فائدہ مند ثابت ہوسکتے ہیں۔اس ہفتے میں آپ کو گھریلو اشیاء کی خریداری پر اخراجات کرنے پڑیں گے۔ہوسکتا ہے کہ غیر ضروری طور پر آپ کو پریشانی کا سامنا ہو۔اس لیے اس ہفتے میں آپ کو دیکھ بھال کر چلنا پڑے گا۔

**9 تا 15 جنوری.........** جوزا افراد کو اس ہفتے میں صحت کے بارے میں محتاط رہنا پڑے گا۔صحت کی خرابی سے واسطہ پڑ سکتا ہے اگر آپ ادویات کا استعمال کرتے ہیں تو دیکھ بھال کر کیجئے گا۔9 اور 10 تاریخوں کو سفر کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا ان دنوں میں سفر آپ کے لیے وسیلہ ظفر ثابت ہوسکتا ہے۔کسی رشتے دار بہن بھائیوں کی طرف سے خوشخبری آسکتی ہے۔یا بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر کہیں جانے کا موقع مل سکتا ہے۔

**16 تا 23 جنوری.........** اس ہفتے میں سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں خاصی بہتر ہوگی۔زہرہ برج حوت میں ہوگا جو کہ آپ کے کاروباری معاملات پر اچھا اثر ڈالے گا ہوسکتا ہے کہ کسی کاروباری فرد یا کسی نئے کام کو شروع کرنے سے ہی آپ کو کوئی فائدہ میسر آئے۔ان دنوں میں آسائشات ملنے کے بھی کافی مواقع

ملیں گے یا کسی پُرآسائش چیز پر آپ کے اخراجات ہو سکتے ہیں۔

24 تا 31 جنوری......... اس ہفتے سے مذہب اور روحانی امور کی طرف آپ کا رجحان ہوگا کسی روحانی بزرگ سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ ایک سے دوسری جگہ منتقل ہونے یا سفر کرنے کے خواہشمند ہیں تو آپ کو اچھے نتائج ملیں گے۔ زہرہ اور زحل کی پانچویں گھر کی نظر آپ کے اخراجات زمین جائیداد اور اشیاء کی خرید و فروخت پر بھی کروا سکتی ہے۔

دنوں میں اگر آپ سفر کریں گے تو وہ وسیلہ ظفر ثابت ہوگا کوئی اہم کام پایہ تکمیل تک پہنچ سکتا ہے۔ جنس مخالف کی طرف بھی رجحان رہے گا۔

24 تا 31 جنوری......... کاروباری صورتحال کے حوالے سے آپ کو پارٹنر شپ سے فائدہ مل سکتا ہے۔ ان دنوں میں آپ کو مالی معاملات سے متعلقہ لین دین میں خاصا فائدہ مل سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کسی جگہ سرمایہ کاری کرنے کے بارے میں سوچنا شروع کریں۔

## برج سرطان

**21 جون تا 20 جولائی** سیارہ۔۔قمر

حروف۔۔ح، ہ پتھر۔۔موتی دن۔۔پیر

رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا دھات۔۔ٹن عدد۔۔2

## برج اسد

**21 جولائی 20 اگست** سیارہ۔۔شمس

حروف۔۔م پتھر۔۔یاقوت دن۔۔اتوار

رنگ۔۔سنہرا اورنج دھات۔۔سونا عدد۔۔1

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-5-3 | 28-23-14-9-7-4-3 | 27-15-11-5-2 |

1 تا 8 جنوری......... برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج حمل والے افراد فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس ہفتے کی 3، 7 اور 8 تاریخیں آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگی۔ ان دنوں میں آپ کو کسی فرد کی جانب سے کوئی فائدہ مل سکتا ہے۔ ہفتے کے آخری دنوں میں کوئی جذباتی فیصلہ نہ کریں۔ آپ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ البتہ مالی معاملات میں آپ کے حالات بہتری کی طرف جائیں گے۔

9 تا 15 جنوری......... اس ہفتے میں کسی دوست کی جانب سے کوئی رنج پہنچ سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ لوگوں سے جو آپ نے اُمیدیں وابستہ کی ہوئی ہیں وہ پوری نہ ہوں۔ شادی شُدہ افراد کو اولاد کی جانب سے تکلیف دہ اُمور کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس لیے ہفتے کے آخری دنوں میں صدقہ خیرات دیں تو آپ کے حالات بہتری کی جانب مائل ہونا شروع ہونگے۔ اور آپ ذہنی اعتبار سے بھی پُرسکون رہیں گے۔

16 تا 23 جنوری......... زہرہ کا برج حوت میں ہونا آپ کے لیے خاصا اچھا ہوگا شریک حیات اور اُس کے رشتے داروں کے ساتھ اچھے وقت کی آمد ہے۔ گھریلو زندگی میں جو تلخیاں یا رکاوٹیں ہیں اب ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ ان

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 7-2-1 | 27-19-13-10-5-2 | 25-16-7 |

1 تا 8 جنوری......... برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج جوزا والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ مالی معاملات کے حوالے سے یہ ہفتہ خاصا اہم ہوگا۔ کسی نئے کام کی شروعات کے حوالے سے بات چیت ہوگی۔ لیکن اگر آپ کسی نئے کام کو شروع کرنا چاہتے ہیں تو 3 جنوری کے بعد سے عملی اقدامات کریں چونکہ مشتری کی رجعت بھی آپ کے لیے کوئی تبدیلی لا سکتی ہے۔ اس لیے ابھی جلد بازی سے کام نہ لیں۔

9 تا 15 جنوری......... آپ کے لیے 9 اور 10 تاریخیں اچھی ہونگی۔ ان دنوں میں ازدواجی اُمور زیر بحث آئیں گے اور آپ آنے والے وقت کی پلاننگ کے بارے میں سوچنا شروع کریں۔ جبکہ اس ہفتے کے آخری دن آپ کی مصروفیات میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ جبکہ 15 تاریخ کو عطارد برج جدی میں ہوگا وہ افراد جو کہ ملازمت حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں یا اپنی ملازمت کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں اُن کے لیے اچھا موقع ہے۔ معاملات حل ہو سکتے ہیں۔

16 تا 23 جنوری......... اس ہفتے میں عطارد اور زہرہ کی تیسری نظر بنے گی جو کہ آپ کی صحت کو بہتر کرے گی۔ مالی معاملات کے حوالے سے لوگوں کے ساتھ بات چیت ہوگی اور آپ کو خاصا فائدہ بھی مل سکتا ہے۔ 21 تاریخ کو شمس برج دلو

میں ہوگا وہ اسد افراد جو کہ شادی کرنے کے خواہش مند ہیں اُن کو اس ہفتے میں کسی اچھی جگہ سے رشتہ مل سکتا ہے۔ اور مشتری کے رجعت میں ہونے کی وجہ سے بعض معاملات میں التواء آسکتا ہے۔

24 تا 31 جنوری........اس ہفتے میں کاروباری افراد کو کسی جانب سے اشتراک کاروبار کا موقع مل سکتا ہے۔ اور اگر آپ ان دنوں میں عملی اقدامات کرتے ہیں تو آنے والے وقت میں آپ کو اچھا منافع مل سکتا ہے۔ گھریلو زندگی کے حوالے سے کچھ فیصلے اس ہفتے میں ہو سکتے ہیں۔

## برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر — سیارہ۔۔عطارد
حروف۔۔پ،غ — پتھر۔۔لاجورد — دن۔۔بدھ
رنگ۔۔گہرا زرد — دھات۔۔ٹن — عدد۔۔5

### صرف اس ماہ کے لیے

| لکی نمبر | سعد تاریخیں | نحس تاریخیں |
|---|---|---|
| 9-5-2 | 28-23-14-9-4-3 | 21-17-6 |

1 تا 8 جنوری........برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج ثور والے افراد فائدہ مند ثابت ہونگے۔ آمدن میں اضافہ ممکن ہے۔ 3 تاریخ کو مشتری برج سنبلہ میں ہوگا اور حالت رجعت میں ہوگا۔ جب تک یہ رجعت میں رہے گا آپ کو ذہنی طور پر منتشر رکھے گا اور اس ازدواجی اور گھریلو معاملات کی طرف سے پیچیدگیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔

9 تا 15 جنوری........اس ہفتے کی 14 اور 15 تاریخیں آپ کے لیے ملے جلے اثرات مرتب کریں گی۔ عطارد 15 تاریخ کو برج جدی میں اور زہرہ برج حوت میں ہوگا وہ سنبلہ افراد جو کہ ازدواجی معاملات کی طرف سے پریشان ہیں اُن کو اس ہفتے میں اچھے نتائج مل سکتے ہیں۔ ان دنوں میں کام کی شروعات آپ کو فائدہ دے گی اور معاملات جلد حل ہو جائیں گے۔

16 تا 23 جنوری........16 تاریخ والے دن صدقہ خیرات دیں قمر چونکہ بہتر پوزیشن میں نہیں ہوگا جس کی وجہ سے آپ کو ذہنی پریشانی کا بھی سامنا ہو سکتا ہے۔ اس دن ایک سے دوسرے شہر سفر کرنا آپ کے لیے مناسب نہ ہوگا۔ حادثہ یا چوٹ وغیرہ لگ سکتی ہے۔ اس لیے ان دنوں میں ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط برتیں بلکہ فیملی کے ساتھ سفر نہ کریں۔

24 تا 31 جنوری........ملازمت پیشہ سنبلہ افراد کو اس ہفتے میں فائدہ مل سکتا ہے۔ آپ کو کسی کے توسط سے ملازمت مل سکتی ہے۔ اس لیے اگر اگر آپ معاملات کو حل کروانا چاہتے ہیں تو افسران کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ مالی اور معاشرتی معاملات بہتر ہونے کی توقع ہے۔

## برج میزان


پھر حاصل جمع کا مفرد لیا0+2+5+3=1ملا اس کا گھر6 اور بقایا9ملا۔(9-6-1) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ 452518 تھا۔

**مثال نمبر 3-** قرعہ اندازی کی تاریخ=3-1-2003بانڈ قیمت 40000دونوں کوجمع کیاتو جواب 42007 آیا۔

پھر حاصل جمع کا مفرد لیا=7+0+0+2+4=4حاصل ہوا اس کا گھر9 اور بقایا 6 ہے۔ (6-9-4) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ 323589 تھا۔

**مثال نمبر 4-** قرعہ اندازی کی تاریخ3-15-2003۔بانڈ قیمت 200۔

دونوں کوجمع کیا2221 آیا۔پھر حاصل جمع کا مفرد لیا7 آیا۔اس کا گھر2 اور بقایا 3 ملا۔ (3-2-7) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ 068359 تھا۔

**مثال نمبر 5-** قرعہ اندازی کی تاریخ4-1-2003۔بانڈ قیمت 15000۔

دونوں کوجمع کیاتو17008 آیا۔پھر حاصل جمع کا مفرد لیاتو 7 آیا۔اس کا گھر2 اور بقایا3 ہے۔(3-2-7) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ 807588 تھا۔

**مثال نمبر 6-** قرعہ اندازی کی تاریخ=4-15-2003۔بانڈ قیمت =750

جمع کیا2772 آئے پھر حاصل جمع کا مفرد لیا9ملا۔اس کا گھر 4 اور بقایا1 ہے۔(1-4-9) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ 849918 تھا۔

**مثال نمبر 7-** قرعہ اندازی کی تاریخ=5-2-5-2003۔بانڈ قیمت =7500۔

دونوں کو جمع کیا 0 1 5 9 ملا۔ پھر حاصل جمع کا مفرد لیا =0+1+5+9=6ملا۔اس کا گھر1 اور بقایا4 ہے۔(4-1-6) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ085062 تھا۔

**مثال نمبر 8-** قرعہ اندازی کی تاریخ9-1-2003۔بانڈ قیمت 40000۔

دونوں کو جمع کیا = 3 1 0 2 4ملا۔ پھر حاصل جمع کا مفرد لیا 3+1+0+2+4 جواب 1ملا۔اس کا گھر6 اور بقایا 9 ہے۔(9-6-1) یہ تینوں ہندسے بند تھے۔فسٹ یہ327378 تھا۔

## ایڈوانس لکی نمبرز ماہ جنوری2004

یکم جنوری2004 کے ایڈوانس لکی نمبرز جو فسٹ میں نہیں آئیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

| 1602 | 9512 | 3524 | 3971 | 0626 |
|---|---|---|---|---|
| 7517 | 3396 | 0092 | 8534 | 1258 |
| 2029 | 7995 | 2957 | 4025 | 5108 |
| 0813 | 5737 | 8061 | 2751 | 6565 |
| 4210 | 1528 | 4250 | 4688 | 9206 |
| 0595 | 1191 | 2620 | 9031 | 6230 |

15 جنوری2004 میں ہونے والی قرعہ اندازی کے ایڈوانس لکی نمبرز جو فسٹ میں نہیں آئیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

| 902 | 209 | 751 | 655 | 704 |
|---|---|---|---|---|
| 920 | 290 | 571 | 653 | 407 |
| 092 | 119 | 310 | 517 | 862 |
| 129 | 195 | 157 | 006 | 242 |

نوٹ: میرے اس کلیے سے فیض اُٹھانے والوں کو چاہیے کہ میرے اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کو دعائے خیر سے یاد فرمائے۔واللہ اعلم بالصواب۔

☆☆☆☆☆

# حساب علم الاعداد

از: عبداللطیف' اوکاڑہ۔

لکی نمبرز کے شائقین' ماہنامہ راہنمائے عملیات کے قارئین دوستو! میں کوئی ماہر علم الاعداد نہیں۔ بس شوق کا راہی طالب علم۔ جو کچھ بھی رب العزت نے عطا کیا ہے۔ سپرد قلم کر کے آپ کی نذر کر رہا ہوں۔ کامیابی سے ہمکنار ہو کر مجھے اور خالد اسحاق راٹھور صاحب کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

## صفحہ کا حصول

فسٹ پرائز حاصل کرنے والے نمبر کے پہلے دو ہندسے لے کر دوسرے ہندسے کے آگے ترتیب وار سات سات ہندسوں کی تین لائنیں بنائیں۔ پھر درج ذیل طریقے سے پانچ ہندسے حاصل کریں۔ ان ہندسوں میں ایک ہندسہ فسٹ نمبر حاصل کرنے والے پرائز بانڈ کا صفحہ ہوگا۔

مثال نمبر1- 626450

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 6 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 8'4'2'1'0۔ جو ہندسہ چلا-4۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر2- 406685

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 4 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 8'6'2'0'9'8'0۔ جو ہندسہ چلا-2۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر3- 233976

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 | 2 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 9'5'3'2'1۔ جو ہندسہ چلا4۔ نتیجہ ناکام۔

مثال نمبر4- 452518

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 7'5'4'3'1۔ جو ہندسہ چلا3۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر5- 068359

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 8'4'2'1'0۔ جو ہندسہ چلا0۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر6- 068359

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
| 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 8'6'5'4'2۔ جو ہندسہ چلا8۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر7- 807588

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |

جو ہندسے حاصل ہوئے 9'8'6'2'0۔ جو ہندسہ چلا8۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر8- 849918

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
| 7 | 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 |

جو ہندسے برآمد ہوئے 6'4'3'2'0۔ جو ہندسہ چلا0۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر9- 085062

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0 | 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 |
| 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |

جو ہندسے برآمد ہوئے 8'7'6'4'0۔ جو ہندسہ چلا8۔ نتیجہ کامیاب ہوا۔

مثال نمبر10- 898895

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8 | 9 | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 |
| 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 | 1 |
| 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |

جو ہندسے برآمد ہوئے 9'8'7'5'1۔ جو ہندسہ چلا4۔ نتیجہ ناکام ہوا۔

☆☆☆☆☆

# کشف القبور کا نادر عمل

ز: غلام قادر بلوچ' کراچی۔

جوشخص اس عمل کو بجالانے کا ارادہ کرے تو لازم ہے کہ چلہ کشی کے آداب وشرائط پر مکمل طور پر عمل کرے۔

پاکیزگی' طہارت ظاہری و باطنی کا پورا پورا خیال رکھیں۔ صلوٰۃ وصوم کی پابندی' پرہیز جلالی و جمالی رکھیں اور عمل کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں کسی قسم کی مداخلت وآمدورفت نہ ہو۔ حجرہ پاک وصاف ہو عمل کا آغاز عروج ماہ نوچندی جمعرات سے کریں اور یہ عمل بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہو کر کرتا ہے۔

اول عامل اپنا حصار کرے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ چاروں قل شریف تین تین بار اور آیت الکرسی گیارہ بار پڑھ کر اپنا حصار کرلیں۔ اس کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور سورۃ یٰسین شریف کی تلاوت شروع کرے اور جب آپ اس آیت مبارکہ (سلام قولا من رب رحیم) پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ کو آٹھ سو سترہ (۸۱۷) بار تکرار کر کے پھر سورۃ یٰسین شریف آگے پڑھ کر ختم کردیں اور آخر میں پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اسی ترتیب سے اکتالیس یوم بلاناغہ جاری رکھیں۔

دوران چلہ بہت سے مشاہدات عجیبہ ظاہر ہوں گے۔ لیکن ان کا اظہار کسی سے نہ کریں۔ انشاء اللہ روحانی استعداد حاصل ہوگی اور کشف کی تمام صلاحیت پیدا ہوگی۔ بعد ازاں چلہ مکمل کرنے کے بعد مداومت کے طور پر روزانہ سورۃ یٰسین اس ترتیب سے پڑھیں کہ جب آیت مبارکہ پر پہنچو تو سو بار اُس آیت مبارکہ کو پڑھیں پھر آخر تک سورۃ شریف پڑھ کر مکمل کرلیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے فوائد عظیم حاصل ہوگا۔

قبلہ سمت سے گھومتے ہوئے اقامت آذان والی کہیں اور اردگرد سات اذانیں کہیں اور اسی جگہ پہنچیں جہاں سے اذان شروع کی تھی وہیں پر آ کر ختم کریں اور اس کے بعد قبر کی طرف نظر جما کر کعبہ کی طرف پشت ہو اور آہستہ آہستہ یہ الفاظ رُعب دار آواز میں ادا کریں **یاعبداللہ قم باذن اللہ اُمذونی فی سبیل اللہ o**

تھوڑی دیر بعد قبر میں ارتعاش ہوگا یا غلاف پھڑ پھڑائیں یا خوشبو اُٹھیں یا پھر کوئی بھی خلاف عقل واقعہ پیش آئے تو سمجھ لیں کہ صاحب قبر کی روحانی روح ہے پھر اُس جگہ بیٹھ جائیں اور سورۃ یٰسین شریف کی تلاوت شروع کریں اور جب آپ آیت مبارکہ پر پہنچیں تو آنکھیں بند کرلیں اور روح کا تصور رکھیں اور بلاتعداد آیت مبارکہ کی تکرار کریں انشاء اللہ کچھ لمحہ گزرنے کے بعد صاحب قبر کی روح ظاہر ہوگی تو اس وقت عامل کو چاہیے کہ کمال آداب اور سلام دعا سے گفتگو کا آغاز کریں لیکن غیر شرعی سوالات سے پرہیز کیجیے اور اگر کسی روح سے بات کرتے ہوئے طبیعت متوحش ہوجائے تو پورا **لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم** پڑھیں انشاء اللہ الفور شیطانی وسوسہ ختم ہوجائے گی۔ پھر بعض اوقات ایسے بھی مواقع آئیں گے کہ بعض طاقتور ارواح کی کھلی آنکھوں سے زیارت نصیب ہوگی اور ان ارواح بزرگان سے بہت سے برکات حاصل ہوں گے۔ اور ان کی دعاؤں سے مشکل مہمات سرانجام ہوں گی۔ اور یہ آپ کو روحانی مراتب دلائیں گے۔ مگر ان سے بات کرتے ہوئے شرح محمدی کا پورا خیال رکھیں۔ عمل دو سو فیصد مجرب ہے۔ البتہ کمزور دل والے حضرات یہ عمل ہرگز نہ کریں۔

ختم شُد۔

## کشف القبور کا طریقہ

جس شخص کی روح سے ملاقات کرنی ہو تو بعد نماز فجر یا ظہر اُس کی قبر پر جائیں اور مسنون فاتحہ پڑھیں اور اس کا ثواب صاحب قبر کو پہنچائیں پھر سرہانے



مولا بخش نیوز ایجنسی' گھنٹہ گھر' سکھر۔

# کیا تعویذ لکھنا یا لکھوانا جائز ہے

## تعویذ کی شرعی کیا حیثیت ہے

از: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

**قارئین راہنمائے عملیات! یہ سوال آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔ کیا آپ اس پر اپنی آراء ارسال کرنا چاہیں گے؟ (ادارہ)**

حضرت آدم علیہ السلام کو تمام علوم سکھائے گئے تھے یا تمام چیزوں کے نام سکھائے گئے تھے۔ قرآن مجید کے سپارہ الم سورۃ البقرہ آیت نمبر 30 تا 39 کے درمیان **وعلم ادم الاسماء کلھا** کو خاص طور پر پڑھیں۔ کیا حضرت آدمؑ لکھنا بھی جانتے تھے؟ اس بارے میں وثوق سے کوئی نہیں جانتا یا بتا سکتا۔ البتہ حضرت آدم علیہ السلام کے صحیفے مشہور ہیں۔ بعض اقوال کے مطابق دس تختیاں تھیں جن پر کندہ کیا ہوا تھا۔ یہ کندہ کاری خود فرمائی تھی یا حضرت جبرائیل علیہ السلام کر کے گئے تھے؟ ان سوالوں کے جوابات تاریخ اور مذہبی کتب سے رد و بدل کے ساتھ ملتے ہیں۔

حضرت آدم علیہ السلام پہلے نبی گزرے ہیں پھر آپ کے اولاد میں ہابیل و قابیل کے درمیان واقعہ قتل ہوا۔ اس کے بعد دوسرے نبی آپ کی اولاد میں سے حضرت شیثؑ تھے۔ پھر ان کی اولاد میں سے مہلیل بن قینان بن انوش بن شیث پیدا ہوئے جو سردار قوم ہوئے۔ ان کے زمانے میں اولاد آدم بڑھ گئی۔ اور تقسیم وطن پر جھگڑا پیدا ہو گیا۔ مگر ان میں کسی پڑھے لکھے آدمی کا ذکر نہ ہے۔ البتہ اخنوخ بن یرد بن مہلیل کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ اپنی قوم کو درس تدریس دیا کرتے تھے۔ انھوں نے سب سے پہلے قلم بنائی اور لکھنا شروع کیا۔ انھیں ہی حضرت ادریسؑ کہتے ہیں۔

حضرت ادریسؑ کی اولاد میں سے متوشلخ پیدا ہوئے ان سے لمک اور ان سے نوحؑ پیدا ہوئے۔ جن کے زمانے میں آبی طوفانی عذاب آیا جس میں تمام اولاد آدم ہلاک ہو گئی ماسوائے حضرت نوحؑ اور ان کے چار بیٹوں میں سے تین بیٹے (سام، حام، یافث) بچ گئے چوتھا یام غرقاب ہو گیا۔ سام کی اولاد میں سے ارم، ارفحشذ، عالم، الیفر، اسور، نورج اور تارح پیدا ہوئے۔ اولاد ارم بلاد عرب میں، اولاد ارفحشذ عراق میں، اولاد عالم ہیطل و خراسان (افغانستان) میں، اولاد الیفر روم میں، اولاد اسور فارس میں، اولاد نورج آرمینیا میں اور اولاد تارح کرمان میں پھیل گئی۔ عرب، عراق، خراسان، روم، فارس، آرمینیہ اور کرمان بھی سام کے پوتے تھے۔ اسی طرح حام کی اولاد میں سندھ، ہند، زنج، قبط، حبش، نوبہ اور کنعان گزرے ہیں۔ پاکستان بڑے بیٹے سندھ کا ملک ہے اور ہند دوسرے بیٹے کا ملک تھا۔ جبکہ یافث کی اولاد میں ترک، خزر، صقلاب، تاریس، منسک، کماری اور چین گزرے ہیں۔

پاکستان کے علاقہ میں سام، حام اور یافث کی اولاد کے لوگ حملہ آور ہونے کی صورت میں آئے اور مقیم ہو گئے۔ جبکہ زبان کا مسئلہ ابتداء میں ارفحشذ کے بیٹے جم کے زمانہ میں ہوا۔ جبکہ ارم کی زبان خالص عربی زبان تھی اور نوح علیہ السلام سریانی زبان بولتے تھے۔ پاکستان میں سندھی، بلوچی، بروھی، پشتو، پنجابی اور سرائیکی زبانیں کب وجود میں آئیں اس کی ابتداء تقریباً نا معلوم ہے۔ البتہ ہر قوم کی زبان میں دیگر اقوام کی زبانیں بھی شامل ہیں جس طرح سرائیکی زبان میں سید ہیں۔ حالانکہ ان لوگوں کو عربی زبان بولنا چاہیے تھی۔ مگر یہ سرائیکی زبان بولتے ہیں جو پاکستان کے جنوبی پنجاب کے اکثریتی لوگوں کی زبان ہے۔

دراصل سرائیکی زبان قدیم سریانی زبان کی باقیات میں سے ہے اور یہ زبان دنیا کی ہر زبان کے حروف اپنے اندر رکھتی ہے۔ اور سرائیکی لوگ اپنی زبان سے دنیا کی ہر زبان کا ثقیل سے ثقیل حرف اور لفظ بول سکتے ہیں۔ حالانکہ یہی

پاکستان کی اور پوری دنیا کی اردو زبان ہے۔ جس میں چوالیس حروف مستعمل ہوتے ہیں۔ قدیم پارس فارس اور ایران میں زرتشت کے زمانہ میں لکھی جانے والی کتاب اوستا اور اساس کا ترجمہ ژند میں **44** حروف استعمال ہوئے تھے۔ (یہی حروف جنوبی پنجاب کی سرائیکی زبان میں بھی ہیں)۔

زمانہ قدیم میں عراق کا نام بابل بھی تھا۔ جو دجلہ و فرات کے نزدیک ایک شہر کی شکل میں تھا۔ جسے ضحاک نے تعمیر کروایا اور دجلہ کا قریبی شہر نینوا تھا۔ جس نے بھی کافی شہرت پائی مگر تہذیب کی ابتداء فرات کے شہر بابل کو زیادہ شہرت دے گئی۔ جس سے تمام تہذیبیں پیدا ہوئی یہاں نجوم کا پہلا شائق نمرود بادشاہ گزرا ہے۔ جس کے علم پر حضرت ابراہیمؑ نے تنقید فرمائی تو نمرود نے آپ کو آگ میں ڈالو دیا۔ جبکہ ضحاک نے جادوگروں کو بلا کر جادو کا علم سیکھا۔ اور خود بڑا جادوگر بن گیا۔ جس کی وجہ سے اس کے کاندھوں پر سانپ پیدا ہوگئے وہ سانپ انسان کا مغز کھاتے تھے۔ اسی بابل کے علاقہ میں سب سے پہلے طوفان نوحؑ کے بعد جو پہلی قوم آباد ہوئی اسے سمیری قوم کہتے ہیں۔ جو طوفان نوح سے دو ہزار سال بعد بابل (عراق) میں آباد ہوئی۔ انہوں نے اپنا دارالحکومت بابل کو بنایا تھا۔ پھر اس قوم کو اکادمی نسل نے تباہ و برباد کر دیا۔ اکادمی نسل بھی کافی عرصہ تک عراق پر حاکم رہی پھر اس قوم کو اس سے زیادہ ترقی یافتہ قوم کلدانی نے فنا و برباد کر دیا۔ یہ قوم علم و ہنر میں اس وقت کے نقطہ کمال پر تھی۔ کلدانیوں نے علم النجوم اور علم الجفر میں نام پیدا کیا۔ انہوں نے امیسادوگ بادشاہ (1921 تا 1901 ق م) میں زہرہ اور مشتری کا مشاہدہ کیا۔ ہفتے کے سات دن استعمال کرتے تھے۔ دھوپ گھڑی اور آبی گھڑی ایجاد کی۔ **360** دنوں کا شمسی سال اور **354** دنوں کا قمری سال مقرر کیا۔ انہیں قوم پر عبرانی، یونانی اور رومی قوم نے اپنے علم کی اساس رکھی اور دنیا میں نام پیدا کیا۔ قمری تقویم اب تک جاری ہے اور مسلمانوں میں مروج ہے۔ کلدانیوں پر چھٹی سے چوتھی صدی قبل مسیح ایرانیوں نے حملہ کیا اور قابض ہوئے۔ **332** تا **323** ق م کے درمیان سکندر اعظم مقدونی حملہ آور ہوا تو تب بھی یہ لوگ نجوم و جفر میں کمال رکھتے تھے۔ بلکہ نجوم و جفر میں ریاضی کا اطلاق کیا۔ اس قوم نے سب کچھ اپنی عقل کی بنیاد پر ایسا کیا۔ اس پر وحی نازل نہ ہوئی تھی۔ نہ ہی یہ لوگ منزل من اللہ ہونے کا دعویٰ کرتے تھے۔ بعد میں ان لوگوں نے اس میں اپنی روزی کمانے کا گر سیکھا اور اس علم کو روحانی علم کا درجہ دیا۔ انہوں نے انسانی قوت، ہمت، شجاعت اور سوچ و فکر کو پست اور موہوم کرنے کے لیے افسانے تراشے۔ انسانی تقدیر کو ستاروں کے تابع بتایا۔ چونکہ ستاروں کی گردش سے واقف ہو گئے تھے۔ اس لیے سورج گرہن اور چاند گرہن کے قبل از وقت وقوع پذیر ہونے کی پیشنگوئی کر دیتے اور اس طرح اپنے معتقدین اور عقل کے اندھے ضعیف الاعتقاد لوگوں سے مال و دولت بٹورتے تھے۔ اس وقت بھی زیادہ تعداد عورتوں کی ضعیف الاعتقاد تھی جیسا کہ آج کی عورت ہے۔ وہ پیروں فقیروں مُلاں بھوپوں کے پاس اس طرح جاتی تھیں جیسا کہ آج کی عورت جاتی ہے۔ الغرض کلدانی قوم نے جوتش (نجوم) رمل اور جفر کے بانی مبانی تھے۔ انہوں نے سب سے پہلے تعویذ لکھے اور ٹونے، فسوں، فال، حساب کتاب مرتب کئے۔ کیونکہ یہ قوم لکھنے اور پڑھنے کا فن ایجاد کر چکی تھی۔ اس وقت کے تعویذ اس طرح کے تھے۔

1- پرانے زمانے میں انسان اور جنات کی نظر بد اور ارواح خبیثہ اور آسیب سے بچنے کے لیے **ا ی ب ر ا ک ا د ا و ر ا** کے حروف کو ایک ایک حرف چھوڑ کر حرف مخروط الف نکال کر لکھتے رہے ہیں۔ یہ عمل ان کے علم الجفر کا کمال تھا جسے فخر سے چھپاتے تھے۔

2- شاہ بلوط کے پھل کو جوانی قائم رکھنے اور قوت مردمی کے اضافہ کے لیے مرد اپنے پاس رکھتے اور عورتیں اپنے نسوانی اعضاء کو اپنے خاوند یا عاشق کی نظر میں محبوب بنانے کے لیے ایک خاص طریقہ سے اپنے پاس رکھتیں اور روٹھے محبوب کے لیے گلے میں باندھ لیتی تھیں۔

3- قدیم زمانہ میں چقماق پتھر کا تیر بنا کر گلے میں باندھتے۔ اس طرح نظر بد والے آدمی سے بچاؤ کا قدرتی اور زائد اثر تعویذ سمجھتے تھے۔ یہ زمانہ قدیم کے تمائم تھے۔

4- اچھی قسمت اور حفاظت جان و مال کے لیے بحری جہاز کے لنگر کی زنجیر کو اپنے پاس رکھتے۔

5- قابلیت، عقل مندی اور دماغی امراض کے لیے ہاتھی کے دانت کا ٹکڑا قاسمۃ الزاویہ اپنے پاس رکھتے۔

6- کلہاڑا کا نشان سرداری اور قوت کی علامت کے طور پر اپنے پاس رکھتے۔ اس طرح ان کا خیال تھا کہ لوگ ایسے شخص سے دل میں ڈرتے رہیں گے۔ اور مرعوب رہیں گے۔

7- جوا میں کامیابی کے لیے بجّو کے دانت کو اپنے پاس رکھتے تھے جو تمائم کی قسم سے ہے۔

8- محبت میں کامیابی کے لیے گیدڑ کے دماغ کی ہڈی اپنے پاس رکھتے تھے۔ جسے گیدڑ سنگھی کہتے تھے۔

9- درازی عمر کے لیے بانس کی بانسری جس پر سات گرہیں ہوں۔ انگوٹھی اور اس پر سانپ بٹھا کر ایک صورتی نقش بنایا جاتا جس سے علم' بہادری پیدا ہو جانے کا یقین کرتے تھے۔

10- موتی مروارید' مونگا' مرجان کو کالی ماں (کالی ماتا یعنی چیچک) اور نظر بد کے علاج کے طور پر پہنتے تھے جو کہ طبیبوں سے یہ نظریہ اخذ کیا تھا۔ یہ بھی تمائم کی قسم سے تھا۔

11- سونے کے کڑے پہننا کسی کی غلامی کی علامت تھے۔ بعض اوقات محبت میں ایسا کرتے تھے۔

12- گھروں میں گھڑیال بجا کر بدروحوں کو بھگاتے تھے۔ اور کچھ لوگ ہمراہ کچھ پڑھتے بھی تھے۔

13- کالی بلی پال کر رکھنا جادوگروں سے بچاؤ کی علامت تھی۔ البتہ راستہ کاٹ لے تو نحوست اور ناکامی کی علامت سمجھا جاتا تھا اور بعض لوگ اس قسم کی بلی پر پڑھتے بھی تھے۔

14- کوئلہ کو راستہ میں پڑا مل جانا خوش قسمتی اور مبارک تصور کیا جاتا تھا۔ نوروز کو گھر میں لا کر سال بھر خوش نصیبی کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ یہ زمانہ جاہلیت کا معتبر عمل تھا۔

15- ارادوں کی پختگی۔ انسانی اعصابی طاقت کے لیے بیل کی تصویر بنا کر گلے میں لٹکاتے تھے۔

16- نومولود بچے کو آنول کا حصہ کاٹ کر یا جھلی کا حصہ کاٹ کر مولود کے گلے یا پاؤں میں باندھتے تھے۔ جس سے بچہ ہر بیماری اور نظر بد' ڈائن' آسیب کے سایہ سے بچ جاتا تھا۔

17- بکری کو اناج اور پھولوں سے لادتے تھے۔ جس سے کثرت اناج کا شگون کیا جاتا تھا۔

18- میراثی لوگ اپنی آواز کو درست کرنے کے لیے مچھلی بنا کر اپنے پاس رکھتے تھے۔

19- نظر بد کے لیے آنکھ کی شکل بنا کر اپنے پاس رکھتے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ دنیا کی ہر بڑی نظر سے بچا جاتا ہے۔ بعض لوگ سورج کو قدرت کی آنکھ سمجھ کر زیارت صبح کے وقت کرتے تھے۔

20- کشائش رزق کے لیے ہاتھ کا نشان بنا کر بطور تعویذ پہنا جاتا تھا جو شامل تمیمہ تھا۔

21- بندش رزق سے بچنے کے لیے مچھلی کا نشان اپنے پاس رکھتے ایسا کام امیر لوگ قیمتی پتھروں کو تراش کر کرتے تھے۔ یہ عمل دریا کے نزدیک رہنے والے لوگوں میں بڑا مقبول تھا۔

22- نیک بختی اور خوش بختی کے لیے گھوڑے کے نعل کو اپنے گھر میں "U" کی شکل میں لٹکاتے تھے۔ یہ عمل میدانی علاقوں میں رہنے والوں میں بڑا مقبول تھا اور اب بھی ہے۔

23- کنجی کو گلے میں لٹکاتے تھے۔ اس سے گھر آباد ہونا۔ صحت' دولت اور مابین میاں بیوی محبت کی علامت سمجھی جاتی تھی۔ اور بعض عورتیں آزار بند میں باندھتی تھیں۔

24- دو رنگ کے دھاگوں کو بٹ کر گرہ لگا کر چند کلمات پڑھتے۔ اس طرح دو عاشق معشوق جلدی آپس میں مل جانے کا عمل کرتے تھے۔ یہ عمل جادو کے عملیات میں سے تھا۔

25- سارنگی کا نشان خوش نصیبی اور فارغ البالی اور بادشاہ کا مقرب بننے کے لیے اپنے پاس رکھتے۔

26- اُلو کے پرندے کی شکل بنا کر اپنے پاس مغرب والے رکھتے تاکہ علم و ہنر آ جائے مگر مشرق والے منحوس خیال کرتے حتیٰ کہ رات کو بولتے پایا جاتا تو اسے اس نیت سے اڑا دیتے کہ صبح بستی والوں میں کوئی بری خبر آئے گی یا جھگڑا ہو جائے گا۔ اور بستی سنسان ہو جائے گی۔

27- اپنے ہاتھ سے نقصان ہو جانے والے شخص کو لیپ سال کے عدد والے سوراخی تانبے والے سکہ کو پہنایا جاتا۔ اس طرح اس پر نحوست کا اثر زائل ہو جانے کا عقیدہ رکھتے تھے۔

28- سور کی ہڈی کو اپنے پاس رکھنے سے جادو کے اثر سے یا تعویذوں کے اثر سے بچ جانے کا عقیدہ رکھا جاتا تھا۔ اور اب بھی مسلمانوں کے اندر یہ عمل جاری ہے۔ جو کہ حرام عمل ہے۔

29- موچی کے پاس جوتیاں بھگونے والے پانی کو پلایا جانا بھی جادو کے اثر کو زائل کرنے کے عقیدہ میں شامل تھا۔

30- انگوٹھی خاص وقت اور خاص طریقہ سے پہننے والے کی عمر دراز ہو جانا سمجھا جاتا تھا۔

31- بیماری اور مصیبت میں جان کے ضائع ہو جانے سے بچنے کے لیے سانپ کی شکل بنا کر پہنتے تھے۔

32- گینش کا نشان یعنی صلیب کے نشان کو مقدس سمجھتے ہوئے لوگ گلوں میں پہنتے n تھے یا ☆ کو بہت مقدس خیال کیا جاتا ہے۔ اور دنیا میں کامیابی کی ضمانت سمجھتے تھے۔

33- ہلال قمری ( ) کا نشان از سرنو کام کرنے میں ترقی اور کاروبار میں ترقی کی علامت اور ضمانت سمجھا جاتا تھا۔ کیونکہ ان کا عقیدہ تھا کہ چاند روز بروز بڑھتا ہے جو ترقی کی علامت ہے۔ صرف قمر زاید النور کا۔

34- کنجی کو محبت اور صحت اور نکاح کی بندش کھولنے کے لیے اور تالا کو ان کے برعکس تصور کیا جاتا۔ خاص طور پر عورتوں کے نکاح باندھنا اور حمل نہ ہونے کے عملیات کیے جاتے۔

35- مکڑی کا جالا اور اس کی شکل ہر مصیبت سے نجات اور صحت و طاقت بخشنے کی ضمانت تھا۔

36- ترنول اور ترشول اچھی قسمت بنانے کے لیے اپنے پاس رکھتے تھے۔ یہ عمل ہندوؤں میں مقبول ہے۔

37- 13 کے عدد کو خاص طور پر منحوس خیال کیا جاتا تھا۔ بعد میں 8 کے ہندسہ کو نحوست کی علامت بتایا گیا۔ اس کے بعد 2 کے عدد کو سخت آمر اور منحوس بتایا گیا۔

38- موجودہ زمانے میں دریا کی سیڑھی کا پانی جملہ جادو اور تعویذات کا توڑ سمجھا جاتا ہے۔ بلکہ بعض عملیات تو دریا میں ناف تک پانی میں کھڑے ہو کر کیے جاتے ہیں۔ اور بعض عملیات ویران جگہ اور قبرستان میں کیے جاتے ہیں۔ جو ہلاکت عدد اور طلاق کے زیادہ ہیں۔ یاد رکھیے چلا کا لفظ قوم موسیٰ سے لیا گیا ہے۔ جنہیں آپ یہودی کہتے ہیں۔ یہودی جفر کے بہت ماہر تھے۔ علم الحروف کو جفر کا نام اسی قوم نے دیا تھا۔ حضرت سلیمان نبی کے وقت آصف بن برخیا علم الحروف یعنی جفر کا بہت ماہر اور اُستاد گنا جاتا ہے۔ پھر یہی علم نصریٰ کے پاس آیا۔ عرب میں جفر یہود سے آیا اور نجوم ہندو سے مکمل کیا ہے۔ جبکہ نجوم پر ایک کتاب المجسطی قبل از اسلام موجود تھی جسے بطلیموس نے مدوین کی تھی۔ جو 85 تا 175 عیسوی میں موجود تھا۔ وہ نجوم، ہیئت، ریاضی، طبیعات اور جغرافیہ کا ماہر تھا۔ بلکہ جغرافیہ کو مرتب بھی کیا تھا۔ یہی شخص حضرت عیسیٰؑ کے بعد پہلا سائنسدان بھی ہے۔ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس کے علم کا بہت چرچا ہوا کرتا تھا۔ آپؐ نے ان کے بعض قواعد غلط قرار دیئے تھے۔ اسی طرح تعویذ، پھل، جادو ٹونے، جھاڑ پھونک، دم درود اور سال سون کے متعلق حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے پوچھا گیا تو فرمایا جادو کرنے والا مسلمان نہ ہے۔ کافر مشرک اور دوزخی ہے۔ مسلمانوں کو جادو کرنے اور کرانے سے روکا گیا ہے۔ ٹونے دراصل طب کی ذیلی شکل ہے جیسا کہ رگ اتر جانے پر ایک خاص قسم کی مالش کی جاتی یا بچوں کو دست ہو جانے پر بچوں کے ساتھ خاص عمل کیا جاتا ہے۔ دراصل اس وقت معصوم بچے کی بے عزتی کی جا رہی ہوتی ہے۔ جھاڑ پھونک عرب کے کاہن کرتے تھے۔ جو اپنے آپ کو ملیت کہتے تھے۔ وہ خاص قسم کا کلام جو اکثر سریانی اور عبرانی زبان میں ہوتے تھے جو کلدانیوں نے وضع کیے تھے۔ لکڑی، چھری، چاقو، جوتے پر پھونک کر مریض یا سحر زدہ یا نظر بد زدہ کو مارتے تھے۔ اور بعض اوقات فقط چند کلمات اس طرح پڑھتے تھے جیسا کہ ہمارے ہاں منتر پڑھے جاتے ہیں۔ جیسا کہ من موہنی کا منتر ہے۔ حُب کا منتر ہے۔ ارواح کو حاضر کرنے کا منتر ہے۔ سید و پہلوان کو حاضر کرنے کا عمل ہے یا آوا جیلو کا عمل ہے۔ جس میں شیاطین اور ان کے چیلوں کو حاضر کرنے کا عمل ہوتا ہے۔ ان منتروں کا ہمارے ہاں متبادل لفظ دم درود ہے۔ جو خالص اسلامی ہے اور اکثر مسلمانوں کے نزدیک دم درود سے مراد صرف حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا درود مراد ہے۔ وہی بطور دم کیا جائے تو فائدہ ہوتا ہے۔ اسی سے فال خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خود لیا کرتے تھے۔ جس سے نام (کسی شخص کا نام) سے اچھا معنی مراد کر کے آئندہ کا لائحہ عمل تیار کرتے تھے۔ جیسا کہ ہمارے آنکھ پھڑکنے، کوے کے بولنے، آٹا گرنے، کنگھی کرنے، شیشہ ٹوٹنے، راستے میں کتا، بلی، گدھا آ جانے سے کام میں رکاوٹ کا خیال آ جاتا ہے۔ یا کسی کام کے جانے کے وقت کوئی آدمی پیچھے سے بلا لے تو ناکامی کی دلیل جانتے ہیں۔ فال کا دوسرا نام شگون بھی ہے۔ بری فال اور برے شگون کے بد اثرات سے بچنے کے لیے جو عمل کیا جاتا تھا وہ سوّن ہے۔ عام طور پر نظر بد کے علاج کا نام سوّن ہے۔ اور ہمارے دیہات میں بچوں کے دست روکنے کا نام سوّن ہے۔ یہ عمل اکثر عورتیں کرتی ہیں۔

اسلام میں ان عملیات کے لیے تین نام مشہور ہیں۔ (۱) رقی (۲) تمائم (۳) تولہ۔ رقی سے مراد وہ عملیات ہیں جو صرف دم یعنی پھونک مارنے سے کیے جاتے ہیں۔ تمائم سے مراد وہ اشیاء ہیں جو گلے میں لٹکائے جاتے تھے۔ جس میں خاص قسم کے منکے ہوتے تھے۔ اور تولہ سے مراد کسی عورت کو اپنی محبت میں گرفتار کر کے عاشق کرنے کا عمل ہے۔ خواہ عورت کنواری ہو یا شادی شدہ۔ ان عملیات میں جادو کے طریقے شامل ہیں۔ جن میں شیاطین سے مدد لی جاتی کہ وہ عامل کی شکل بن کر عورت کو زنا پر ابھارتے اور رات کو خواب میں زنا کرتے۔ پھر

اس عورت کو خواب کی حالت میں زنا کرانے کا اس قدر مزہ آتا کہ جب تک وہ اس آدمی سے زنا نہ کراتی اسے آرام نہ آتا تھا۔ سارا دن بے قرار و بے چین رہتی۔ وجود میں درد اور بخار آ جاتا تھا روتی رہتی تھی نیند نہ آتی تھی۔ روٹی پانی چھوٹ جاتا تھا۔ ایسے اعمال کے لیے کنواری لڑکیاں بعض اوقات عامل لوگوں سے عصمت دری کرا لیتی تھیں۔ شادی شدہ عورت تو خالی واپس نہ آتی تھی۔ ایسے اعمال قبل از اسلام عام تھے۔ اب بھی ڈبہ پیر کرتے ہیں۔

حضور علیہ الصلوٰۃ السلام نے فرمایا ایسے قدیم اور جدید دم یا پھونک مارے جانے والے منتر' افسوں جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف نہ ہو بلکہ اس میں شیطان کی تعریف اور اس سے مدد لی گئی ہو۔ مسلمانوں کو پڑھنا حرام ہے۔ اسی بنیاد پر دیو بندی طبقہ ان عملیات کو بھی حرام سمجھتا ہے جن میں فرشتوں کے نام (جبرائیل' میکائیل' عزرائیل' اسرافیل) وغیرہ کے نام ہیں یا کسی پیر و مرشد کا نام ہوتا ہے۔ جیسا کہ شیخ عبدالقادر جیلانی کا نام ہے۔ یا لونا چماری اور اسماعیل جوگی کے عملیات ہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے عملیات کی اجازت فرمائی تھی جس میں اللہ تعالیٰ سے مدد مانگی جاتی ہے۔ اس صورت میں آپ کا پسندیدہ عمل سورۃ فاتحہ کے ذریعے مریض پر دم کرنا تھا۔ بعد میں آپ ﷺ معوذتین کو زیادہ پڑھ کر اپنے اُوپر بھی دم کرتے تھے۔ آپ نے کبھی کوئی مثلث' مربع یا مخمس وغیرہ کا نقش لکھ کر نہیں دیا۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ آپ اس وقت کی رائج رسمی تعلیم حاصل نہ کر رکھی تھی۔ ظہور اسلام کے وقت ۱۷ آدمی تعلیم یافتہ تھے۔ حضرت علیؓ بھی تعلیم یافتہ حضرات میں سے تھے۔ لیکن ان کے اُستاد صاحب کا علم نہ ہے۔ اہل تشیع فرماتے ہیں کہ انہوں نے براہ راست حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے تعلیم حاصل کی ہے۔ لیکن یہ بات سمجھ میں نہیں آتی۔ اکثر صحابہ کرام سے بھی تعویذ لکھنے کا عمل ثابت نہ ہے تو مسلمان تعویذ کیوں لکھتے ہیں؟

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر مسلمانوں میں تعویذ لکھنے کا رواج کس طرح آیا اور کس طرح پیدا ہوا؟ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تعویذ رقی' تمائم اور تولہ میں شامل نہ ہے۔ بلکہ تعویذ کا لفظ باب تفعیل کے مصدر سے ہے جو اعوذ کے لفظ سے ہے۔ اس لفظ سے قرآن مجید کی آخری دو سورتیں ہیں۔ جس میں اللہ تعالیٰ سے ان کی مخلوق کے شر سے پناہ مانگی گئی ہے۔ شیطان کے وسواس سے اور جادو کی ان اقسام سے بھی جو پھونک مارنے سے کیے جاتے ہیں اور دھاگے جیسی قسم پر پڑھ کر گرہ لگائی جاتی ہے۔ مسلمانوں میں تعویذ لینے اور دینے کے خاص قواعد ہیں اور خاص پابندیاں ہیں۔ مسلمانوں کے ہاں جو تعویذ لکھے جاتے ہیں وہ تمائم کی اشکال کے نہ ہیں۔ یعنی کوئی کوئی تعویذ کوئی منکا وغیرہ نہیں ہوتا۔ بلکہ اس میں قرآن مجید کی آیات یا اسماء اللہ لکھے ہوتے ہیں۔ مسلمان تعویذ کو اسباب عالم میں شمار کرتے ہیں۔ اسے مقطوع یا مظنون نہیں مانتے بلکہ موہوم طرز کا خیال کرتے ہیں۔ جس میں خیر اور بھلائی اللہ تعالیٰ سے ہونا عقیدہ رکھی جاتی ہے۔ اس طرح یہ تعویذ تمیمہ کی تعریف سے نکل جاتے ہیں۔ اور جو لوگ تعویذ کو ہر مرض کا علاج اور سد باب اور موثر حقیقی مانتے ہیں وہ گویا اسے حرز جان از طریقہ جاہلیت کرتے ہیں۔ ان کے لیے یہی تعویذ تمیہ بن جاتے ہیں۔ جس سے مسلمانوں کی ایک جماعت روکتی ہے اور درست روکتی ہے۔

لاباس بالرقی مالم تکن شرکا۔ (مسلم ج 2/ص 224۔ ابوداؤد ج 2/ص 542)۔ ترجمہ: نہیں ممانعت (کراہت) اس دم (پھونک مارنے والے عمل میں) میں جس میں شرک (اللہ تعالیٰ جیسی صفات' طاقت' قدرت اور اس کی تعریف کسی جن یا فرشتے یا کسی انسان سے طلب کرنا اور اس سے مدد مانگنا اور اس سے پناہ مانگنا) نہ ہو۔ اسی حکم پر تعویذ وہی جائز ہیں۔ جن میں شرک شامل نہ ہے۔ کیونکہ ان آیات کو جو بطور دم پڑھی جاتی ہیں۔ ان کو لکھ کر گلے میں ڈال سکتے ہیں۔ گویا مسلمان تعویذ کو تین طریقوں سے جائز مانتے ہیں۔

1- قرآن مجید (کلام اللہ) کی آیات میں سے ہو۔ یا اسماء الحسنیٰ سے تعویذ لکھا گیا ہو۔

2- جو بھی عبارت لکھی جائے اس کا مفہوم اور مطلب اور الفاظ کے معانی معلوم ہوں۔ خواہ عبارت سریانی' عبرانی' عربی' فارسی' اردو' انگریزی یا سنسکرت وغیرہ میں بھی ہوں۔ اس لیے بعض پوربی کلام میں منتر وغیرہ درست قرار پاتے ہیں۔ اور مسلمان پڑھتے ہیں۔

3- عامل (تعویذ اور دم کرنے والا) اور معمول (تعویذ لکھوانے والا اور دم کرانے والا) کا اعتقاد اور عقیدہ یہ ہو کہ ان تعویذوں میں تاثیر نہ ہے۔ بلکہ ان کے سبب اللہ میاں تاثیر پیدا کریں گے۔ اس طرح جو لوگ عامل سے گارنٹی لیتے ہیں یا ان سے واپس آ کر کہتے ہیں کہ پیر صاحب آپ کا تعویذ نہیں چلا وہ دراصل قدیم اقوام کے عقیدہ پر ہیں یا تعویذ کو رقیہ سمجھتے ہیں۔ گویا ان کے نزدیک موثر حقیقی ذات اللہ تعالیٰ نہ ہے۔ یقین جانیے ایسے آدمی پکے کافر اور مشرک ہیں۔ حضرت ابوحنیفہؒ صاحب تعویذات کو رقیہ قدیم کے نزدیک سمجھتے تھے مگر ان کے شاگرد امام محمدؒ جواز دم و تعویذ کے قائل ہیں اور ابوحنیفہ صاحب نے بھی منع نہیں کیا۔

حضرت علامہ سندھیؒ کے نزدیک جو لوگ ان تعویذات کو زمانہ قدیم

کے تمائم کی طرح علت تامہ برائے دفع ضرر سمجھتے ہیں ان کے لیے تعویذات شرک ہیں۔ اس لیے تعویذات مکروہ ہو گئے۔ حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود اور ان کے شاگرد اسی وجہ سے تعویذوں کے قائل نہ تھے۔ خواہ تعویذ قرآن مجید کی عبارت یا آیت سے بھی بنا ہوتا۔ چونکہ آپ کوفہ میں رہتے تھے۔ ان کوفیوں میں کلدانیوں والا علم کافی موجود تھا۔ کوفے کے روافض تعویذوں کے بارے میں کلدانیوں اور یہودیوں ونصرانیوں جیسا اعتقاد رکھتے تھے۔

چونکہ صحابہ کرام توکل کے اعلیٰ مقام پر تھے وہ اسباب کی تلاش میں نہ تھے۔ اس لیے تعویذوں کا سہارا نہ لیتے تھے۔ چونکہ حضرت عیسیٰ بن حمزہ تابعی نے حضرت ابی معبد جہنیؓ کو بوقت عیادت تمیمہ لٹکانے کا کہا تو آپ نے صاف انکار کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود تو اس سے زیادہ متوکل تھے۔ اس طرح صحابہ کرام میں دعا کرنے کا زیادہ رجحان تھا۔ اور دعا مانگنے پر زور دیتے۔ جو شخص دعا پڑھ نہ سکتا تھا۔ انہیں لکھ کر دیتے تھے۔ سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب کوئی آفت یا مصیبت نازل ہو جائے۔ اس کے لیے تعویذ لیں وہ تعویذ مثل تمیمہ نہیں ہے۔ البتہ جو تعویذ اس سے پہلے لیں کہ مصیبت سے بچائے گا۔ حفاظت کرے گا وہ تعویذ تمیمہ میں بدل جاتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ قرآنی آیات بطور تعویذ لکھ کر دیتے تھے۔ مریض کو دھو کر ثانی الذکر پلاتے تھے۔ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ تعویذ والے پانی کو پلانے اور دھو کر بدن پر چھڑکنے سے منع نہیں کرتی تھیں۔

حضرت مجاہد، حضرت سعید بن جبیر، حضرت حجاج بن الاسود، حضرت عطاء، حضرت ابوعصمہ جفر کے قلابہ اور حضرت امام باقرؒ تعویذوں کے قائل تھے۔ بازو پر تعویذ باندھنے کے راوی بصرہ کے محدث عظیم تابعی ہیں جنہوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عمرؓ کو دیکھا تھا۔ تعویذ کو بوقت رفع حاجت اور حاجت اور بحالت جنابت اتارنے کا قول حضرت ضحاکؒ کا ہے۔ تعویذ لکھنے کے قدیم مخالف صرف حضرت ابراہیم نخعی اور حضرت حسن بصری گزرے ہیں۔

قارئین راہنمائے عملیات۔ اس زمانے تک مسلمانوں کے اکثر فرقے تعویذ لکھتے ہیں۔ لکھتے اس صورت میں ہونگے کہ اسے جائز اور درست سمجھتے ہیں۔ یاد رکھیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ امت محمدیہ کا اجماع غلط اور خلاف شریعت اعمال پر نہ ہوگا۔ امت اسلام کا پہلا فرقہ اہل تشیع تو اس علم کو منزل من اللہ جانتا ہے۔ پھر اس علم کے محافظ حضرت علیؑ کو مانتے ہیں۔ پھر اس علم کو پھیلانے والے حضرت امام جعفر صادقؒ کو مانتے ہیں۔ اہل سنت والجماعت (بریلوی) والوں کو بھی اعتراض نہ ہے۔ البتہ اہل سنت والجماعت (دیوبندی) مکتب فکر اعتراض کرتا ہے۔ لیکن ان کے اکابر عظام میں سے حضرت لاہوری، حضرت تھانوی، حضرت مدنی، حضرت کاشمیری اور حضرت پسروریؒ تعویذات لکھا کرتے تھے۔ تعویذات اور جفر کی معتبر کتاب شمس المعارف کے آخری اوراق کسی دیوبندی کے لکھے ہوئے ہیں۔ کیا آپ نے دیکھا ہے؟ حکیم الامت اشرف علی تھانوی صاحب کا بہشتی زیور، حرز سلیمان، نقش سلیمانی اور اعمال قرآنی کس علم وفن کی کتابیں ہیں۔ حضرت تھانوی نجوم وجفر کے قائل تھے۔ اسی طرح موجودہ زمانے میں قاضی محمد موسیٰ، فیروز پور روڈ (جامعہ اشرفیہ) لاہور کے اس فن کے ماہر گزرے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں دین پور شریف تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خان کے بزرگ حضرات تعویذ دیتے ہیں اور دم بھی کرتے ہیں۔ مخزن العلوم خانپور اور جامعہ طاہر والی نزد ترنڈہ محمد پناہ کے بزرگ حضرات تعویذات دیتے ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک قبل از اسلام کا رقی کو دم نہیں سمجھتے اور نہ ہی تمیمہ کو تعویذ سمجھتے ہیں۔ گویا زمانہ جاہلیت کا رقی اور تمیمہ شرک تھا۔ اسلام کا دم درود اور تعویذ دھاگہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی اجازت سے جاری ہے۔ اس پر صحابہ کرام کو اعتراض نہ تھا۔ تابعین کرام نے عمل کیا۔ صالحین نے ان اعمال کو اکٹھا کیا اور ہم جیسے کم ظرفوں تک پہنچایا۔ یہ ہمارا کام ہے کہ ان سے غلط کام لیں یا درست کام لیں۔ اسی طرح زمانہ جاہلیت کا عمل الحب (تولہ) اور زمانہ اسلام کا تعویذ الحب برائے شادی درست اور جائز ہے۔ البتہ تعویذ برائے رنڈی بازی اور تعویذ برائے جھوہر بازی حرام ہے۔ گناہ عظیم ہے۔ حتیٰ کہ کفر ہے۔ یہ کام آج کل بڑے زوروں شوروں سے ہو رہا ہے۔

باقی رہا تعویذات کا معاوضہ لینا۔ اس کی بھی اجازت ہے۔ یہ اجازت خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے لی گئی تھی۔ دیکھیے حدیث حضرت عبادہؓ۔ اور حضرت امام بخاریؒ نے ما یعطی فی الرقیۃ (ج 1/ص 304) اور باب الشرط فی الرقیۃ بقطیع من الغنم (ج 2/ص 854) اور استاد امام بخاری اپنی کتاب کے باب فی الاخذ علی الرقیہ (ج 8/ص 53)۔ اس طرح حضرت امام ترمذیؒ نے اپنی کتاب میں باب ماجاء فی اخذ الاجرۃ علی التعویذ (ج 2/ص 26) اور حضرت امام داؤدؒ نے باب کسب العلم۔ باب کسب الاطباء اور باب کتاب الطب والدقی اور باب کیف الدقی میں ایک ہی حدیث حضرت عبادہؓ کی پیش کرتے ہیں۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صحابہ کرام یا تابعین حضرات تعویذ کس طرح لکھا کرتے تھے؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سورۃ فاتحہ کے ذریعے درد کے لیے دم فرماتے تھے۔ یہی عمل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جاری ہے۔ تابعین

حضرات کو بھی دم کرنے کا عمل پسند تھا۔ البتہ قرآن مجید کی آیات یا آخری سپارہ کی چھوٹی سورتوں کو بطور تعویذ لکھ کر سائلین کو دیتے تھے۔ البتہ خانوں میں آیت کو تقسیم کر کے لکھنے کا کام عراقیوں اور کوفیوں کا ہے۔ جو حضرت نوح علیہ السلام کی سریانی زبان کے امین تھے۔ پھر عبرانی زبان کو جانتے تھے اور عربی زبان کے مالک تھے۔ عراق میں اموی خاندان کے ابوہاشم خالد بن یزید بن معاویہ نے یحیٰی کونی سے طب کی تعلیم حاصل کی جو اپنے وقت کا اسکندریہ میں بڑا فلسفی طبیب اور ماہر کیمیاء تھا۔ ابوہاشم خالد کے مشورہ سے یونانی، مصری کتب کے تراجم عربی میں ہوئے۔ محمد بن ابراہیم فرازی (746-806ء) نے ہندوستان کی مشہور کتاب سدھانت کا ترجمہ سنسکرت سے عربی میں کیا۔ پھر اس کتاب پر یعقوب بن طارق نے کام کیا۔

خلیفہ مامون الرشید (786-833ء) نے اپنے دور حکومت میں بیت الحکمت کا ادارہ قائم کیا۔ جہاں یونانی، رومی کتابوں کے ترجمے کیے جاتے۔ جو قدیم کتب کے ہوتے تھے۔ عباس ابن سعید جوہری، یحیٰی بن منصور، سند بن علی، علی بن عیسٰی اصطرلاجی، حجاج بن یوسف بن مطر، بنوموسیٰ بن شاکر، احمد کثیر فرغانی، موسیٰ خوارزمی، اسحاق کندی، ابومعشر، ثابت بن قرہ، جابر سنان، محمد بن جابر البتانی، عبدالرحمٰن صوفی، ابوالوفا رزجانی، ابن یونس، ابن الہیثم، احمد بجستانی، ابوریحان البیرونی، ابواسحاق الزرقالی، عمر خیام، محقق طوسی سے لے کر پاکستان کے ڈاکٹر عبدالسلام اور ڈاکٹر عبد القدیر تک ان لوگوں نے علم نجوم، جفر، کیمیاء، فزکس، حیاتیات، ریاضی اور اس کے علاوہ کئی علوم پر کام کیا۔ کیا آپ کی نگاہ میں انہوں نے شرک کیا ہے؟ حالانکہ انہوں نے جو کچھ کیا ہے وہ قرآن و حدیث اور کتب اسلامیات سے ثابت نہ ہے۔ یاد رکھیئے قدیم سریانی اور عبرانی زبان سے جادو اور عملیات کی کتب کے تراجم خلیفہ ہائے اموی و عباسی دور سے شروع ہو چکے تھے۔ تعویذات کی اقسام مثلث، مربع اور مخمس وغیرہ قدیم کتب سے لیے ہیں جیسا کہ ایک عمل نقش پندرہ کا تعویذ ہے۔ جو عبرانی زبان میں (۱۰ اااا ــجے ++ اااا ھ) یعنی (أ ج ھ و) کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ اور سریانی و عبرانی زبان کا اسم اللہ (بدوح) کا نقش یہ ہے۔

| ح | و | د | ب |
|---|---|---|---|
| ب | د | و | ح |
| و | ح | ب | د |
| د | ب | ح | و |

| ۸ | ۱ | ۶ |
|---|---|---|
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

اس طرح فرشتوں کے ناموں کے آگے لفظ ایل بھی سریانی سے عبرانی زبان کے ذریعے عربی زبان میں آیا ہے۔ باقی خالد روحانی جنتری 2004 کے صفحہ 181 کا مضمون اصول نقوش و عملیات پڑھ لیں۔ والسلام۔

☆☆☆☆☆

22 دسمبر سے 19 جنوری کا برج "جدی" ہے

# برج جدی

از۔ عطا محمد رئیس

## ستارہ زحل

### تعارف برج جدی:

**نام کے ابتدائی حروف:** حرف اول ج، خ، ظ، ض، ز، ذ، کھو، کھا، کھی، کھ۔
**نشان:** بکری۔ **حاکم سیارہ:** زحل۔ **خوش بختی کا دن:** ہفتہ، اتوار، سوموار۔ **موافق ہندسہ:** (8) آٹھ۔ **عنصر:** خاکی۔ **مزاج:** حاکمیت پسندی۔

برج جدی کے کل 9 درجے ہیں۔

### پہلے درجے کے جدی لوگ:

تاریخ 28 دسمبر 1-10 اور 17 جنوری۔ اول درجہ سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لئے کامیابی کا راستہ غیر معمولی طور پر نہایت دشوار ہوتا ہے۔ جو ناممکن کو ممکن کر دکھاتے ہیں۔ یہ لوگ بہترین اور اعلیٰ معیار کے قائل ہوتے ہیں۔ یہ خود سے بھی بہترین کارکردگی کی توقع رکھتے ہیں۔

معتدل مزاج، ثابت قدم، کافی حد تک کاہل، مسلسل جدوجہد کے باوجود اپنے مقاصد زندگی سے اتنے ہی دور ہیں جتنے ہوا میں تعمیر کئے محلوں سے لیکن وہ پھر بھی اپنے سنہرے خوابوں سے باز نہیں آتے اور جب انہیں یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ اب اپنی منزل سے کافی دور ہیں تو زیادہ تندہی سے سرگرم عمل ہو جاتے ہیں۔ بڑے جفاکش ہوتے ہیں اپنے مقاصد کے حصول کی راہ میں ان کے سفر کی رفتار سست ہوتی ہے۔ یہ لوگ آہستہ آہستہ کافی دولت اکٹھی کر لیتے ہیں۔

### دوسرے درجے کے جدی لوگ

**تاریخ پیدائش: 29 دسمبر اور 2 اور 11 جنوری:** برج جدی کے دوسرے درجے سے تعلق رکھنے والے لوگوں میں یہ چار خصوصیات نمایاں ہوتی ہیں۔
۱-ہونہار اور اعلیٰ صلاحیت۔ ۲-حساس طبیعت کے مالک۔ ۳-ادبی کام کا رجحان۔ ۴-مذہبی لوگ۔ یہ لوگ بلاشبہ اعلیٰ پایہ کے ادیب اور شاعر بن سکتے ہیں۔ دوسرے درجے کے جدی لوگوں کی زبان سے ان کی روح چھلکتی ہے۔ یہ بہت حساس ہوتے ہیں۔ یہ انسانی زندگی کے ناخوش گوار پہلوؤں اور حسن دونوں سے گہرا تاثر قبول کرتے ہیں۔ دوسرے درجے کے جدی لوگ مذہب سے گہرا لگاؤ رکھتے ہیں۔ ان

کی رومانی زندگی تیس سال کی عمر میں عروج پر ہوتی ہے۔

## تیسرے درجے کے جدی لوگ:

یہ باتدبیر ذہین اور سنجیدہ ہوتے ہیں۔ تیسرے درجے کے جدی لوگ جب اپنی زندگی کے چالیسویں سال میں داخل ہوتے ہیں تو زندگی کی کافی ناہموار راہوں کو اپنی جدوجہد سے ہموار کر چکے ہوتے ہیں۔

## چوتھے درجے کے جدی لوگ:

15 دسمبر تا 15 جنوری تاریخ پیدائش۔ ان کی زندگی کے ابتدائی ایام مالی اعتبار سے کوئی قابل ذکر نہیں ہوتے۔ ان کو نظام ہضم، صحت اور دانتوں کے درد کی تکلیف لاحق ہو سکتی ہے۔ 5 سال کی عمر کے بعد ان کی مالی حالت خاصی مضبوط ہوتی ہے۔ اور ہر سال اس میں مزید اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ اچھے خاصے سرمایہ دار ہو جاتے ہیں۔ کفایت شعار ہوتے ہیں۔

## پانچویں درجے کے جدی لوگ:

تاریخ پیدائش 23 دسمبر اور 14 جنوری۔ برج جدی کے پانچویں درجے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی کامیابی کی کنجی طویل المیعاد منصوبہ بندی ہوتی ہے۔ خواہ وہ کچھ کریں یا نہ کریں قدرت اس پر مہربان ہوتی ہے۔ اور آخر کار وہ اپنے مقصد کے حصول میں کامیاب رہتے ہیں۔ ان کی کامیابیاں ان کے قدموں میں دولت کے ڈھیر لگا دیتی ہیں۔

## چھٹے درجے کے جدی لوگ:

29 دسمبر تا 15 جنوری۔ یہ لوگ زندہ دل اور خلوت پسند ہوتے ہیں۔ پرکشش اور ملنسار طبیعت کے حامل ہوتے ہیں۔ ۱۔ رومان پسندی ۲۔ نظم و نسق کی پابندی ۳۔ جان محفل بننے کے دلدادہ ۴۔ صابر۔ ان لوگوں کی شخصیت کی مقناطیسیت میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے۔

## ساتویں درجے کے جدی لوگ:

تاریخ پیدائش 25 دسمبر تا 16 جنوری۔ یہ لوگ تبدیلی کے متلاشی رہتے ہیں۔ ان کا ذہن نت نئی سوچ میں مصروف رہتا ہے۔ ان کی شخصیت کی نمایاں خصوصیات یہ ہیں:۔ ۱۔ مستعدی ۲۔ ہوش مندی ۳۔ ثابت قدمی ۴۔ غیر یقینی

ساتویں درجہ کے لوگ ملازمت اور رہائش گاہ بار بار تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ وہ زیادہ دیر تک کوئی ملازمت برقرار نہیں رکھ سکتے اور نہ زیادہ عرصہ تک کسی مکان میں قیام کر سکتے ہیں۔

## آٹھویں درجہ کے جدی لوگ:

تاریخ پیدائش 26 دسمبر تا 17 جنوری۔ برج جدی کے آٹھویں درجے کے لوگوں کو زندگی کے تھپیڑوں سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ ان کو زندگی کے مصائب سے گھبرانا نہیں چاہیے کیونکہ ان کے لیے کامیابی کا راستہ آسان نہیں ہوتا بلکہ نہایت دشوار ہوتا ہے۔ آٹھویں درجے کے جدی لوگوں میں جو اوصاف پائے جاتے ہیں وہ اس طرح ہیں:۔ ۱۔ بدقسمتی کے تھپیڑے ۲۔ باتدبیر ۳۔ جنس مخالف کے لیے مقناطیسی کشش زندگی ان کے لیے پھولوں کی سیج ثابت نہیں ہوتی۔ یہ زندگی کے نشیب و فراز سے گزرتے ہیں۔ انیس سال کی عمر میں اپنے مستقبل کے بارے میں یہ لوگ جو فیصلہ کرتے ہیں وہ دور رس نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ ان کی مزاجی کیفیت ان کو بے چین رکھتی اور کبھی چین و سکون میسر نہیں آئے گا جس طرح شہد کے چھتے پر مکھیاں منڈلاتی ہیں۔ ان کی شخصیت کے اردگرد عورتیں تعریفی نظروں کے ساتھ موجود رہتی ہیں۔ تیس سال کی عمر میں دل لگی کی خاطر غلطیوں کا ارتکاب کرتے ہیں۔

## نویں درجے کے جدی لوگ:

تاریخ پیدائش 23 دسمبر تا 17 جنوری۔ برج جدی کے نویں درجے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی زندگی، بلندی و پستی کے درمیان ڈانواں ڈول رہتی ہے۔ مگر یہ ایک نہ ایک دن دنیا سے اپنا لوہا منوا لیتے ہیں۔ انکی شخصیت کے نمایاں اوصاف یہ ہوتے ہیں:۔ ۱۔ انتہائی اولوالعزم ۲۔ بلا کے خود اعتماد ۳۔ نہایت اعلیٰ اہلیت کے حامل ۴۔ مضبوط قوت ارادی کے مالک۔ یہ لوگ اپنے مقصد کی سیڑھی کے آخری قدم سے کم پر کسی صورت میں مطمئن نہیں ہوتے ہمیشہ کامیابی کی آخری منزل پسند کرتے ہیں علم نجوم کی رو سے نویں درجے سے تعلق رکھنے والے بعض جدی لوگ تاریخ میں نام پیدا کرتے ہیں۔

## بہتری لانے والی تاریخیں

| مہینہ | تاریخیں |
|---|---|
| جنوری | 25,21,13,12,7 |
| فروری | 22,20,17,9,4 |
| مارچ | 30,20,18,12,8,7,2 |
| اپریل | 26,22.21,17,12,4 |
| مئی | 28,24,23,14,10,1 |
| جون | 24,19,10,6 |
| جولائی | 30,22,17,7,3 |
| اگست | 31,27,18,13,10,3 |
| ستمبر | 27,25,23,14 |
| اکتوبر | 25,21,11,6,1 |

نومبر 30,24,21,17,8,6,3

دسمبر 28,19,14,5

**موافق رنگ:** نارنجی' زعفرانی' نیلا' ہرا' پیلا' خاکی' انگوری۔ **ستارہ زحل کا دوست:** اول حرف ا او ای ب وک ق حا ح

**نہ دوست نہ دشمن:** جس کے نام کا اول حرف چ د ف۔ **مخالف:** جس کے اول حرف م ا ع ی ہو

## جدی عورتوں کا کردار

ازدواجی زندگی میں یہ عورتیں باصلاحیت' وفادار' قابل اعتماد' گھریلو قسم کی اور اعلیٰ درجے کی مائیں ثابت ہوتی ہیں۔ شادی سے پہلے یہ لڑکیاں زندگی کی ہنگامہ خیز محفل میں سب سے الگ تھلگ رہتی ہیں اور یوں لگتا ہے جیسے انہیں کسی چیز سے دلچسپی نہیں۔ لیکن اصل میں یہ شرمیلی ہوتی ہیں برج جدی سے تعلق رکھنے والی عورت کو چاہنے والا شخص خوش قسمت ہوتا ہے کیونکہ محبت کا رشتہ استوار ہونے کے بعد اسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بیوی یا محبوبہ نے اپنی شخصیت کا نوے فیصد حصہ چھپا رکھا تھا اور شخصیت کا یہ چھپا ہوا حصہ بیحد دلکش تھا۔ جدی عورتیں اپنے مقصد سے کبھی انحراف نہیں کرتیں یہ نسوانی خصوصیات کا مکمل نمونہ ہوتی ہیں یہ اپنی شخصیت اور چال چلن میں جان بوجھ کر جنسی کشش پیدا کرنے کی کوشش نہیں کرتیں لیکن اس کے باوجود یہ مقناطیس کی طرح اپنی طرف کھینچتی ہیں۔ برج جدی کی عورتیں صحیح جیون ساتھی کی تلاش میں بڑے صبر کا مظاہرہ کرتی ہیں اور اس کام میں جلدی نہیں کرتیں لیکن اگر ایک بار یہ کسی مرد کو پسند کرلیں اور وہ مرد ان کے دام محبت میں گرفتار نہ ہو تو ان کا دل ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے۔ اور یہ صدمہ ان کے لیے ناقابل برداشت ہو جاتا ہے۔ عرصہ گزر جانے کے بعد بھی ان کے لیے کسی دوسرے مرد کو قبول کرنا ناممکن ہوتا ہے۔ یا کم از کم مشکل ہوتا ہے۔ برج جدی مرد و خواتین لوح خوش قسمتی خالد اسحاق راٹھور سے تیار کروائیں انشاء اللہ زود اثر برکت ثابت ہوگی یا پھر طلسم تسخیر و حاجت یہ خصوصی عمل تیار کرواسکتے ہیں معلومات حاصل کرنے کے لیے اسحاق راٹھور کو خط لکھیں۔ (ختم شد)



بقیہ حصہ لوح سعادت زہرہ

**وضاحت لوح سعادت زہرہ:**

لوح سعادت کو عرق گلاب عنبر و زعفران سے مقناطیس کا ٹکڑا بھی ملا کر کچھ دیر چھوڑ دیں تاکہ اس پانی کا رنگ تبدیل ہو جائے اور پانی میں مقناطیسی کشش پیدا ہو جائے بعد میں ساعت زہرہ میں لکھیں۔ دل چاہے تو صرف لال مارکر سے بھی لکھ سکتے ہیں۔ بخورات زہرہ کا ضرور جلائیں۔ رجال الغیب سامنے نہ ہو۔ کمرہ پاک صاف ہو۔ عامل بھی باوضو ہو۔ لوح سعادت زہرہ کو تیار کر کے بخورات دے کر لپیٹ کر معطر کر کے اپنے گلے میں یا دائیں بازو میں یا بٹوئے میں رکھ سکتے ہیں۔ عورتیں اس لوح سعادت کو اپنے پرس میں' لاکٹ میں' گلے میں یا دائیں بازو میں باندھ سکتی ہیں۔

۷۸۶

شفقیائیل الحق

جبرائیل

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم | ۱۲۹۲ | ۱۲۹۴ | ۱۸ | والقیت علیک محبت منی ولتصنع علی عینی |
| ۱۹ | ۲۱۲۴ | ۲۸۹۷ | ۱۲۸۸ | ۱۲۹۵ |
| ۱۲۸۹ | ۱۲۹۱ | وودود | ۲۱۲۵ | ۲۸۹۸ |
| ۲۱۲۶ | ۲۸۹۹ | ۱۲۹۰ | ۱۲۹۳ | ۱۶ |
| یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حباللہ | ۱۷ | ۲۱۲۲ | ۲۹۰۰ | وانہ لحب الخیر لشدید |

یا عزرائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

میکائیل

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۵ | ۱۹ | ۱۳ | ۷ |
| ۱۴ | ۸ | ۲ | ۲۱ | ۲۰ |
| ۲۲ | ۱۶ | ۱۵ | ۹ | ۳ |
| ۱۰ | ۴ | ۲۳ | ۱۷ | ۱۱ |
| ۱۸ | ۱۲ | ۶ | ۵ | ۲۴ |

# آپ کا عدد اور یہ ماہ

از: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ۔

1- اگر آپ کا عدد ایک ہے تو آپ کے لیے نیا سال نا مبارک حالات اور واقعات کی خبر لایا ہے۔ سال تو کہتا ہے کہ آپ نے اب تک ڈھیر کھایا ہے۔ اب حساب دے۔ بہت خطرناک مرض کا حملہ ہو سکتا ہے۔ شریک حیات راہی عدم ہو سکتا ہے۔ کوئی ایسا واقعہ رونما ہو سکتا ہے جس سے مفلسی ڈیرے ڈال دے۔ عشق بازی کرتے ہوئے پکڑے جائیں یا سفر کے دوران مال و دولت سے محروم ہو جائیں۔ چنانچہ مرد ہونے کی صورت میں کسی عورت کے دام میں نہ آئیں۔ عورت کے لیے مرد بے وفا ہوگا۔

2- اگر آپ کا عدد دو ہے تو آپ کے لیے ممکن ہے کہ چند ایک دشواریاں ہوں لیکن آپ کے لیے خوش قسمتی صرف بہانے کی تلاش میں ہے۔ اگر آپ کے جسم پر جلنے یا کسی چوٹ کا نشان ہے اور آپ نیک نیتی سے راہ راست پر رہ کر چل رہے ہیں تو آپ جملہ امور پر غالب ہیں۔ خواہ آپ کو فی الحال مایوسی بھی نظر آ رہی ہو۔ لیکن آپ کسی کو راز دار نہ بنائیں سوائے منصوبہ ساز کے۔

3- اگر آپ کا عدد تین ہے تو آپ اپنے آپ کو خواہ مخواہ خوش فہم بنائے ہوئے ہو۔ آپ دولت کے عدد نہیں ہو۔ بلکہ اس مرتبہ آپ دھوکے میں ہو۔ آپ کسی عبدالشیطان سے سخت نقصان اُٹھانے والے ہو۔ اگر آپ نے اپنے جوڑے پر کسی قسم کا شک کیا تو مرد ہونے کی صورت میں عورت سے نا قابل تلافی یا نا قابل بیان نقصان اُٹھاؤ گے۔ اس وقت دولت، عزت اور شہرت کام نہ آئے گی۔

4- اگر آپ کا عدد چار ہے تو آپ محتاط رہیں۔ خواہ آپ جس حیثیت کے مالک ہیں۔ اگر آپ خود احتیاط کروانے والے ہیں تو ممکن ہے کسی جگہ آپ خود پھنس جائیں۔ اگر آپ حکومت وقت کو مطلوب ہیں تو آپ گولی کا نشانہ بن سکتے ہیں۔ قید کا تصور نہ ہے۔ محبت کی ناکامی اگر ہو چکی ہے تو سفر پر چلے جائیں اس کے بعد آپ کو اس سے اچھی چیز مل جائے گی۔ اور اگر آپ عورت ہیں تو اس ماہ آپ کسی مرد کو دل نہ دیں اگر دے دیا ہے تو اظہار محبت نہ کریں۔

5- اگر آپ کا عدد پانچ ہے تو آپ کوئی بے وقوفی کا کارنامہ کرنے والے ہیں۔ جس کی بنیاد آپ کا غصہ ہو سکتا ہے۔ غلط فہمی ہو سکتی ہے۔ کسی کی لگائی بجھائی ہو سکتی ہے۔ یا کوئی ایسا کام کریں گے جس سے آپ جیل چلے جائیں۔ ممکن ہے آپ خواہ مخواہ کسی کو اپنا عاشق تصور کر لیں۔ (خواہ آپ مرد ہیں یا عورت) جس کی وجہ سے آپ رسوا اور بدنام ہو جائیں۔ جس میں آپ کی زبان کا قصور ہوگا۔ بدگمانی کی عادت ہے تو پھر آپ کی ناکامی کے لیے یہی کافی ہے۔

6- اگر آپ کا عدد چھ ہے تو آپ مایوس نہ ہوں۔ اچھے دن آ گئے ہیں گویا جنوری کا نصف اول رات ہے تو نصف آخر دن ہے۔ آپ مشکلات میں نہ گھبرائیں۔ متوکل بنیں۔ قدم بڑھاؤ اللہ تمھارے ساتھ ہے۔ اچانک بہت سے ایسے اسباب نکل آئیں گے کہ آپکو اس جگہ سے اُمید اور گمان بھی نہ ہوگا۔ ابتداء آپ کر دیں تکمیل اللہ تعالیٰ آپ سے کرائے گا۔ خواہ آپ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

7- اگر آپ کا عدد سات ہے تو آپ کے لیے گویا 15 جنوری 2004 کے بعد کا زمانہ مبارک ثابت ہوگا۔ آپ کسی وقت خوش خبری سن سکتے ہیں۔ کسی خوشحالی کے پروگرام کو عمل کر سکتے ہیں۔ خویش و اقارب میں نفرت کو محبت میں بدل سکتے ہیں۔ لیکن اس دوران اپنی صحت کا خیال رکھیں اور اپنی زوجہ یا زوج کا خیال رکھیں کیونکہ اس مرتبہ صحت گری تو پھر بڑی مشکل ہو جائے گی۔ اچانک دولت مل سکتی ہے۔ خواہ اس کا ذریعہ جیسا بھی ہو۔

8- اگر آپ کا عدد آٹھ ہے تو آپ کا دشمن عدد ایک کا مالک نہیں ہونا چاہیے اور نہ آپ عدد نو والے سے گستاخی میں بولیں ورنہ آپ کے دن گن لیے جائیں گے۔ شادی کے لیے نہیں بلکہ جیل کے لیے یا اگلے جہان کے لیے۔ خاموشی حفاظت کی ضمانت ہوگی۔ اگر آپ عورت ہیں تو غیر شادی شدہ ہونے کی صورت میں بدنامی کا ڈر ہے۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں طلاق کا ڈر ہے۔ اس لیے خانہ آباد رہنا ہے تو تابعداری میں وقت گزاریں اسی میں عافیت ہے۔

9- اگر آپ کا عدد نو ہے تو آپ بہت طاقت ور ہیں۔ نیا سال آپ کے لیے مبارک ہوگا۔ لیکن آپ دوسروں کا خاص خیال رکھیں۔ آپ کے عدد ایک اور

آٹھ نحس ہیں۔ اگر آپ کے یہ دوست ہیں تو آپ زوال پذیر انہی کی وجہ سے ہونگے۔ چار اور سات کے عدد والے بدخواہ ہیں۔ پیٹھ پیچھے برائی کرتے ہیں۔ یا اس قدر کمزور ہیں کہ آپ کی مدد نہیں کر سکتے۔ تین کے عدد والا اچھا آدمی ہے خواہ آپ کا دشمن بھی ہو۔ آپ اس کا احترام کریں۔ اگر آپ صرف اس سے اختلاف رائے رکھتے ہیں تو مخالفت پیدا نہ کریں۔ پانچ کے عدد والا آپ کا اچھا دوست ہے۔ جس آدمی کی نو عدد کے تحت نام والی بیوی ہے یا محبوبہ و معشوقہ ہے تو وہ اس سال کا خوش قسمت ترین آدمی ہوگا۔ اور نو عدد کے تحت عورت کے لیے خوشیاں بازو پھیلائے کھڑی ہیں۔ البتہ کنواری عورت یا شادی شدہ عورت کی خوشیوں میں فرق ہوگا۔ جبکہ بیوہ اور مطلقہ عورت جو نہ کنواری ہوتی ہے اور نہ ہی شادی شدہ۔ بیوہ اور مطلقہ عورت کی شادی ہو سکتی ہے۔ بشرطیکہ اس کے ناجائز مراسم کسی مرد سے نہ ہوں۔ اگر ہوں تو ترک کرے یا اس سے شادی کا مطالبہ کرے۔ اگر اسے یہ ڈر ہو کہ یہ مرد چھوڑ جائے گا تو یہ غلط خیال دل سے نکال دے۔

## ماہ جنوری 2004 میں پیدا ہونے والے بچے

## علم الاعداد کی روشنی میں

1- ایک عدد کے تحت نام نہ رکھیں۔ کیونکہ ان کی ازدواجی زندگی اچھی نہ گزرے گی۔ البتہ خود مکر و فریب سے اعلیٰ مقام پر پہنچ جائے گا کہ کچھ بچے مغلوب الشہوت ہونگے۔ اس لیے کسی لڑکی کا نام نہ ہونا چاہیے۔ ممکن ہے کہ جوان ہو کر سسی، ہیر اور سوہنی بننا پسند کرے۔

